امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز منگل 17 نومبر 2026 / 06 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 218

ڈیرہ بگٹی میں تعلیمی انقلاب! وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی میدان میں آگئے

اسکولوں کو غیر تدریسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی روایت ختم کی جارہی ہے، میر سرفراز بگٹی

صوبائی حکومت کا بنیادی ایجنڈا میرٹ کا فروغ، شفافیت اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانا ہے، شمالی ڈیرہ بگٹی میں زیر تعمیر سکول منصوبے کا دورہ

شمالی ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی ڈیرہ بگٹی میں ماڈل سیکنڈری اسکول میر غلام قادر بگٹی کے زیر تعمیر منصوبے کا معائنہ کیا اور علاقے میں تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر شہریوں اور سرکاری افسران سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت کا روز اول سے واضح ایجنڈا عوامی خدمت، وعدوں کی پاسداری، میرٹ کے فروغ اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانا ہے۔ حکومت ایسے اقدامات پر توجہ دے رہی ہے جن کے نتائج عوام کو عملی طور پر نظر آئیں اور جن سے ان

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

آئینی عدالت نے پشاور ہائیکورٹ کو آئینی درخواستوں کی سماعت کی اجازت دیدی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوٹس کے ذریعے دھمکانے کی کوششیں مجھے خاموش نہیں کرسکتیں، چوہدری سالک

پنجاب بدستور شدید بدانتظامی اور بدعنوانی کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ قانونی نوٹس کے ذریعے دھمکانے کی کوششیں مجھے خاموش نہیں کرسکتیں۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر بیان میں چوہدری سالک نے کہا کہ قانونی نوٹس کا باضابطہ جواب جمع کرادیا گیا ہے، قانونی نوٹس کے ذریعے دھمکانے کی کوششیں مجھے خاموش نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

سلام آباد میں بڑا اعلان! اسحاق ڈار نے خطے کا نقشہ بدل دیا!

پاکستان کی ای سی او صدارت کے دوران پانچ ترجیحات پر کام کیا جائے گا پاکستان بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ چارٹر کے مطابق مسائل کے پرامن حل کا حامی ہے، درپیش چیلنجز کا مقابلہ مل کر کرنا ہوگا

پہلی ترجیح تجارت اور سرمایہ کاری کا فروغ ہے، علاقائی منڈیوں تک رسائی، ویلیو چینز کے استحکام اور نجی شعبے کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حمایت کریں گے، نائب وزیراعظم کا ای سی او وزرائے کونسل کے 30 ویں اجلاس کے دوسرے روز خطاب



اسلام آباد: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اقتصادی تعاون تنظیم (ECO) کونسل آف منسٹرز کے 30 ویں اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مسائل کے پرامن حل کا حامی ہے، پرامن، خوشحال اور مستحکم افغانستان کے خواہاں ہیں جو وسیع تر علاقائی ڈھانچے کا مکمل حصہ ہو اور اپنے ساتھ ساتھ تمام پڑوسی ممالک کے ساتھ بھی امن سے رہے، علاقائی تعاون کیلئے افغانستان کو جائز سکیورٹی خدشات دور کرنا ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے وزرائے کونسل کے 30 ویں اجلاس کے دوسرے روز

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

کرک پولیس کا آپریشن، 6 خوارج دہشت گرد ہلاک کردیئے گئے

کرک پولیس کا بڑا آپریشن، ڈی ایس پی عمران الدین شہید کے خون کا بدلہ لے لیا گیا

کرک (جی این ایم) کرک پولیس کا بڑا آپریشن، ڈی ایس پی عمران الدین شہید کے خون کا بدلہ لے لیا گیا۔ کرک پولیس نے بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انٹیلی جنس بیسڈ کامیاب آپریشن کے دوران 6 خوارج کو ہلاک کردیا۔ یہ کارروائی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ ہمارے بہادر پولیس جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں۔ ڈی ایس پی عمران الدین شہید سمیت تمام شہداء کو سلام، جنہوں نے امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

چھوٹے کاروبار کو بڑا تحفہ

وزیراعظم

چھوٹے اور درمیانے کاروباروں کے فروغ کے لیے حکومتی اقدامات جاری ہیں، درمیانے و چھوٹے کاروبار کے فروغ کیلیے چار شہروں میں سہولت سینٹر قائم کرنے کی منظوری

ڈسٹرکٹ کی سطح پر ایس ایم ای سہولت سینٹر قائم کیے جائیں گے، جن کے پائلٹ پراجیکٹ لاہور، پشاور، کراچی اور کوئٹہ میں ہوں گے اور ان کی کامیابی کے بعد انہیں بتدریج تمام اضلاع میں قائم کیا جائے گا

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار سے وابستہ برآمد کنندگان کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ایسے کاروبار کے فروغ کے لیے حکومت کی جانب سے اقدامات کی پیش رفت اور ان کے مسائل پر گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کسی بھی ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، برآمدات میں اضافے کے لیے ایسے کاروبار کو سہولیات مہیا کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، آج کی ملاقات کا سب سے اہم مقصد پاکستانی چھوٹے اور درمیانے کاروبار کرنے والوں کے لیے، ایکسپورٹ میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ اس ضمن میں عوام میں کاروبار قائم کرنے کے حوالے سے آگاہی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں 30 ویں ای سی او وزرائے کونسل اجلاس کے موقع پر رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان کے ہمراہ

تاریخ میں پہلی بار صوبوں کی جانب سے وفاق کو 57 ارب 46 کروڑ کی گرانٹ فراہم

اسلام آباد (اے این این) ملکی تاریخ میں پہلی بار صوبوں نے وفاق کو 57 ارب 46 کروڑ روپے کی گرانٹ دے دی۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ما

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی ای سی او رکن ممالک کے وزرائے خارجہ سے ملاقات

پاکستان علاقائی تعاون، رابطوں اور معاشی انضمام کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، وزیراعظم

خیالات کا اظہار انہوں نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے علاقائی تعاون، رابطوں اور معاشی انضمام کے فروغ کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ان

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

عدلیہ کو خط حقائق کے منافی اور جھوٹ ہے، طارق فضل چوہدری

خط دراصل این آر او کیلئے ہے، عمران خان اس وقت پاکستان کے سب سے زیادہ سہولت یافتہ قیدی ہیں، ان کے خرابی صحت سے متعلق خط میں کیے گئے دعوے درست نہیں

عمران خان کو ریلیف صرف عدالتوں سے مل سکتا ہے، وہ سیاسی انتقام کے باعث جیل میں نہیں ہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے جیل سے چیف جسٹس صاحبان کو جو خط لکھا وہ حقائق کے منافی ہے، یہ خط دراصل این آر او کی درخواست ہے، دوسروں کو این آر او کا طعنہ دینے والے آج خود اس کے طلب گار ہیں۔ پارلیمنٹ چیمبر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ریلیف صرف عدالتوں سے مل سکتا ہے، وہ سیاسی انتقام کے باعث جیل میں نہیں ہیں، 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں سزا کے بعد سے قید میں ہیں، 190 ملین پاؤنڈ

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اسلام آباد میں 30 ویں ای سی او وزرائے کونسل اجلاس کے موقع پر ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات کررہے ہیں۔



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کیسپین تھیم کونسل آف منسٹرز کے اجلاس میں شرکت کرنے والے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کا گروپ فوٹو

محکمہ داخلہ بلوچستان نے انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالتوں کے لیے چار وکلاء کو جج مقرر کردیا

بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی سفارش پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر ڈھائی سال کے لیے تقرریاں

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے انسدادِ دہشت گردی ایکٹ 1997 کے تحت چار وکلاء کو انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالتوں میں خصوصی جج مقرر کردیا ہے۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے معزز چیف جسٹس کی سفارش پر یہ تقرریاں کنٹریکٹ کی بنیاد پر ڈھائی سال کے لیے فوری طور پر عمل میں لائی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن کے تحت جن وکلاء کو خصوصی جج مقرر کیا گیا ہے ان میں عبدالمالک ایڈووکیٹ، معراج علی ایڈووکیٹ، عظمت اللہ خان

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل آڈٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد

آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ، تسلی بخش ریکارڈ فراہم کرنے والے پیراز کو سیٹل قرار دے دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان کی زیر صدارت محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ڈیپارٹمنٹل آڈٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ کے مالیاتی و انتظامی امور سے متعلق آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈائریکٹر آڈٹ ورکس بلوچستان عابد کاکڑ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے چیف انجینئرز سپرنٹنڈنٹ انجینئرز ایگزیکٹو انجینئرز روڈز و بلڈنگ اور آڈٹ سے متعلقہ دیگر حکام نے شرکت کی اجلاس کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی زیر صدارت محکمہ آبپاشی کا اہم جائزہ اجلاس

تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کی سخت ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی زیر صدارت محکمہ آبپاشی کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ لینے کے حوالے اس اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ سمیت محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ آبپاشی کے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عمل درآمد کی رفتار، درپیش مسائل اور ان کے مؤثر حل کے حوالے سے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کے سلسلے میں میڈیا کے اعزاز میں تقریب

وفاقی محکموں میں بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے 25 ہزار ملازمتوں کا ہدف مقرر: بلال خان کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن صوبے کو ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنانا ہے، جس کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر آگے بڑھا جارہا ہے۔ بلوچستان کے مسائل، مواقع اور مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں میڈیا کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کیسپین تھیم کونسل آف منسٹرز کے اجلاس میں شرکت کرنے والے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کا گروپ فوٹو

پاکستانی معیشت کے تمام اہم اشاریوں میں بہتری

مشرقِ وسطیٰ میں تنازع کے باوجود مالی سال 26ء کے دوران مہنگائی وسط مدتی ہدف 5 سے 7 فیصد کی بالائی حد کے قریب رہی

مالی سال 27ء میں حقیقی جی ڈی پی کی نمو 3.5 سے 4.5 فیصد کی حد میں رہنے کا امکان ہے، سٹیٹ بینک کی سالانہ رپورٹ جاری

کراچی (اے این این) سٹیٹ بینک نے پاکستانی معیشت کی کیفیت پر مالی سال 26ء کی سالانہ رپورٹ جاری کردی، جس کے مطابق مالی سال 26ء میں تمام اہم اقتصادی اظہاریے بہتر ہوئے اور معیشت نے ملکی و عالمی اقتصادی دھچکوں کے مقابلے میں لچک کا مظاہرہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق محتاط زری پالیسی اور معاشی اصلاحات نے سخت محنت سے حاصل کیے گئے معاشی استحکام کو محفوظ

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

خیبر پختونخوا میں ٹیررکرائم گٹھ جوڑ بے نقاب، ہلاک دہشتگرد افغان شہری نکلا

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں ٹیررکرائم گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا، پولیس پر حملے میں ملوث جہنم واصل دہشتگرد افغان شہری نکلا۔ خیبر پختونخوا میں گذشتہ صوبائی حکومت کی سرپرستی میں جاری غیر قانونی گولڈ مائننگ اور دہشتگردی کے گٹھ جوڑ کے اہم شواہد سامنے آگئے۔ 11 نومبر کو کوہاٹ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ مافیا کیخلاف کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے دہشتگرد حملہ میں پولیس کے بہادر جوان شہید ہوئے تھے۔ انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں ہلاک فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں میں سے ایک کی شناخت بطور افغان

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

سری گنگا نگر ریلوے دھماکا، پاکستان پر الزام تراشی کے بجائے شواہد سامنے لانے کا مطالبہ

کیس میں گرفتار افراد مہک دیپ کور اور دیویندر سنگھ کا تعلق پنجاب کے ضلع گورداسپور سے نکلا

نئی دہلی (جی این ایم) بھارتی ریاست راجستھان کے علاقے سری گنگا نگر میں ریلوے دھماکے کے معاملے پر پاکستان کی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی کے مبینہ کردار سے متعلق الزامات کو ایک رپورٹ میں مسترد کرتے ہوئے واقعے کو مقامی جرائم پیشہ نیٹ ورکس سے جوڑنے کا موقف اختیار کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس کیس میں گرفتار ہونے والے افراد مہک دیپ کور اور دیویندر سنگھ کا تعلق پنجاب کے ضلع گورداسپور سے بتایا گیا ہے۔ اس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ گرفتار افراد، دھماکا خیز مواد اور مبینہ جرائم پیشہ گروہوں کے روابط مقامی سطح پر موجود ہیں، اس لئے پاکستان کو ذمہ دار ٹھہرانے سے پہلے ٹھوس شواہد پیش کیے جانے چاہئیں۔ تحریر میں بھارتی میڈیا، خصوصاً زی نیوز، پر تنقید کرتے ہوئے واقعے کا کہا گیا ہے کہ سری گنگا نگر دھماکے کو پاکستان سے جوڑنے کے لیے قابل تصدیق شواہد سامنے نہیں لائے گئے۔ اس میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ 2026 کے دوران بھارت میں پیش آنے والے 100 سے زائد واقعات میں

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

مدینہ سے لاہور کی پرواز کے مسافر کو دل کا دورہ، طیارے کی کراچی میں ہنگامی لینڈنگ

کراچی (اے این این) مدینہ سے لاہور آتے ہوئے پی آئی اے کی پرواز پی کے سوار 75 سالہ مسافر کو دل کا دورہ پڑا، جس پر پائلٹ نے پرواز کا رخ کر موڑ کر کراچی میں میڈیکل ایمرجنسی لینڈنگ کی۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی میڈیکل ٹیم نے کراچی ایئرپورٹ پر مسافر کو فوری طبی امداد فراہم کی لیکن طبیعت زیادہ خراب ہونے پر مسافر کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔ بعدازاں پی آئی اے کی پرواز دیگر مسافروں کو لے کر منزل کیلئے روانہ ہوگئی۔ مدینہ سے لاہور آتے ہوئے پی آئی اے کی پرواز پی کے سوار 75 سالہ مسافر کو دل کا دورہ پڑا، جس پر پائلٹ نے پرواز کا رخ کر موڑ کر کراچی میں میڈیکل ایمرجنسی

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی فوجی اتحاد کا 4 ڈرونز مار گرانے کا دعویٰ، حوثیوں کی مکہ کی جانب حملوں کی تردید

یمن میں فضائی حملے، حدیدہ ایئرپورٹ اور تعز کے علاقے کو نشانہ بنانے کی اطلاعات

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی عرب میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی جانب آنے والے چار ڈرونز فضا میں تباہ کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے جبکہ یمنی حوثیوں نے مکہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تردید کردی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

ترکیہ، یونان جانے کی کوشش کرنے والے 35 افغان تارکینِ وطن گرفتار

انسانی اسمگلنگ میں ملوث ہونے کے شبے میں چار افراد کو بھی حراست میں لیا گیا، ترک حکام

انقرہ (اے این این) ترکیہ کے صوبے بالیکسیر میں پولیس نے یونان جانے کی کوشش کرنے والے 35 افغان تارکین وطن کو گرفتار کرلیا، گرفتار افراد میں 19 بچے اور 16 بالغ شامل ہیں، جبکہ انسانی اسمگلنگ کے شبے میں 4 ملزمان کو بھی حراست

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)



شمالی ڈیرہ بگٹی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی زیر تعمیر میر غلام قادر بگٹی سیکنڈری اسکول کا دورہ کررہے ہیں

اڈیالہ سے چیخ! عمران خان کی جان خطرے میں، چیف جسٹس کو ہنگامی خط!

زندہ رہوں گا تو ہی بے گناہی ثابت کروں گا، براہ کرم عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد ممکن بنائیں، عمران خان کا چیف جسٹس کو خط

دیر ہونے سے پہلے انصاف فراہم کیا جائے، طبی سہولیات کی فراہمی اور عدالتی احکامات پر عمل درآمد کی اپیل

راولپنڈی (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل سے چیف جسٹس پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے نام خط میں اپنی اور بشریٰ بی بی کی طبی حالت پر فوری توجہ اور انصاف کی فراہمی کی اپیل کی ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے خط میں لکھا کہ میری زندگی اور صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں، سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم پر

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایرانی حملے میں امریکی فوجیوں کی ہلاکت، امریکی فوجی افسر کی پینٹاگون کے خلاف شکایت جمع

فوجی مرکز پر ڈرونز اور میزائلوں سے بچا کا مناسب انتظام ہی موجود نہیں تھا، میجر اسٹیفن

واشنگٹن (اے این این) ایران کے حملے میں 6 امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر پینٹاگون کے خلاف سنگین غفلت کے الزامات عائد کیے گئے۔ امریکی میڈیا رپورٹ کے مطابق کویت میں ایرانی حملے سے زندہ بچ جانے والے امریکی فوجی افسر میجر اسٹیفن ریمز باٹم نے پینٹاگون کے خلاف کانگریس کی کمیٹیوں کو باضابطہ شکایت جمع کرا دی۔ میجر اسٹیفن نے انکشاف کیا کہ فوجی مرکز پر ڈرونز اور میزائلوں سے بچا کا مناسب انتظام ہی موجود نہیں تھا۔ اعلیٰ حکام کو بار بار خطرات سے آگاہ کیا گیا لیکن خدشات نظر انداز کردیے گئے۔ میجر ریمز باٹم نے حملے کو فوجی حکمت عملی کی ناکامی قرار دیا۔ واضح رہے کہ یکم مارچ کو کویت میں ایرانی حملے کے نتیجے میں 6 امریکی فوجی ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے تھے۔ ایران کے حملے میں 6 امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر پینٹاگون کے خلاف سنگین غفلت کے الزامات عائد کیے گئے۔ امریکی میڈیا رپورٹ کے مطابق کویت میں ایرانی حملے سے زندہ بچ جانے والے امریکی فوجی افسر میجر اسٹیفن ریمز باٹم

(بقیہ اندرونی صفحہ 2 پر) نے

ظہور بلیدی کی بلوچستان اسمبلی میں قبائلی نظام سے متعلق بیان کی وضاحت جاری

متعصد قبائلی روایات کی توہین نہیں بلکہ استحصالی رویوں اور معاشرتی ناانصافیوں کی نشاندہی تھا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی کی بلوچستان اسمبلی میں قبائلی نظام سے متعلق بیان کی وضاحت، قبائلی روایات کی توہین نہیں بلکہ استحصالی رویوں اور معاشرتی ناانصافیوں کی نشاندہی مقصود تھی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی میں قبائلی نظام سے متعلق ان کے ریمارکس کا مقصد قبائلی روایات، قبائلی عمائدین یا کسی مخصوص شخصیت کی توہین کرنا ہرگز نہیں تھا، بلکہ قبائلی اور سرداری نظام کے اندر موجود بعض استحصالی طریقہ کار، ناانصافیوں اور معاشرتی برائیوں کی نشاندہی کرنا تھا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بعض میڈیا حلقوں کی جانب سے عوامی محرومیوں اور تاریخی و سیاسی شخصیات سے متعلق ان کے حوالوں کو بغاوت کے جواز کے طور پر پیش کرنا ان کے اصل مقف اور تقریر کی درست عکاسی نہیں کرتا۔ ان کا مقصد عوامی محرومیوں کی بنیاد پر بغاوت، تشدد یا کسی بھی غیر

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

عمران خان سے وکلا کی ملاقات منگل کو ہوگی، چھ نام جیل حکام کو ارسال

فہرست میں بیرسٹر گوہر، نیاز اللہ اور خالد یوسف، سلمان اکرم، علی زمان اور عمران خان اور کزئی شامل

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے لیے چھ وکلا کے ناموں کی فہرست تیار کرکے جیل حکام کو ارسال کردی گئی ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق یہ فہرست اویس یونس چودھری ایڈووکیٹ نے جیل حکام کو بھجوائی ہے۔ فہرست میں بیرسٹر گوہر، نیاز اللہ نیازی اور خالد یوسف چودھری، سلمان اکرم راجہ، علی زمان اور عمران خان اور کزئی ملاقات کرنے والے وکلا میں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے وکلا کی ملاقات منگل کے روز متوقع ہے، اس موقع پر بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی بھی جیل آمد متوقع ہے۔ وکلا کی جانب سے ملاقات کے لیے ناموں کی فہرست بھجوانے کے بعد اب جیل حکام کی جانب سے ملاقات کے انتظامات اور اجازت کے حوالے سے پیش رفت متوقع ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

نئے صوبوں سے کسی کی حکمرانی کو سکڑنے کا خدشہ نہیں ہونا چاہیے، علیم خان

نئے صوبوں کے قیام سے کسی کی بادشاہت کو فرق پڑتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، بادشاہت صرف اللہ کی ہے، بندے کی کوئی بادشاہت نہیں

نئے صوبوں کی تشکیل کے لیے طریقہ کار کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ نئے صوبوں پر ریفرنڈم ضرور ہونا چاہیے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے لیے ریفرنڈم کی حمایت کردی۔ ملتان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے کسی کی بادشاہت کو فرق پڑتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، بادشاہت صرف اللہ کی ہے، بندے کی کوئی بادشاہت نہیں، نئے صوبوں سے کسی کی حکمرانی کو سکڑنے کا خدشہ نہیں ہونا چاہیے۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ جب تک نئے صوبے نہیں بنتے عام آدمی کو ریلیف موقف بہت واضح ہے، ملتان اور بہاولپور سمیت پنجاب میں نئے صوبے وقت کی ضرورت ہیں، کیونکہ نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کے بغیر لوگوں کی داد رسی نہیں ہوسکتی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام پر نہیں مل سکتا، جنوبی پنجاب کے عوام ریفرنڈم میں نئے صوبوں کے لیے ووٹ دیتے ہیں تو یہ خوش آئند ہوگا۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے نئے صوبوں کی تشکیل کے لیے طریقہ کار کی حمایت کرتے ہوئے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ٹریفک پولیس کوئٹہ کو جدید آلات سے لیس گاڑیاں فراہم کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی عروج پر، تیسرا امریکی طیارہ بردار بحری جہاز بھی پہنچ گیا

آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکرز میں بارودی سرنگوں سے ٹکرانے پر آگ بھڑک اٹھی، پاسداران انقلاب

تہران، واشنگٹن (اے این این) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی ایک بار پھر شدت اختیار کرگئی، ایران کی پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے غیر مجاز راستے کے ذریعے خفیہ طور پر گزرنے کی کوشش کرنے والے دو آئل ٹینکرز بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے جس سے دونوں جہازوں میں دھماکے ہوئے اور شدید آگ بھڑک اٹھی جبکہ امریکا کا تیسرا طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس تھیوڈور روزویلٹ بھی خطے میں پہنچ گیا، امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے معاشی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کیلئے نئے حملوں کی منصوبہ بندی کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی بحریہ نے کہا ہے کہ دونوں ٹینکرز نے اپنے نیویگیشن اور خودکار شناختی نظام بند کر رکھے تھے اور آبنائے ہرمز کے ممنوعہ جنوبی راستے سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد اسی راستے سے گزرنے کی کوشش کرنے والے دو دیگر آئل ٹینکرز نے ایرانی بحریہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

بجٹ سے زائد اخراجات اور سرکاری فنڈز کے ریکارڈ میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

مجموعی اخراجات کا 84 فیصد قرضوں کی ادائیگی پر خرچ ہوا، آڈیٹر جنرل پاکستان کی رپورٹ

اسلام آباد (اے این این) آڈیٹر جنرل پاکستان نے وفاقی حکومت کی آڈٹ رپورٹ 25-2024 میں وفاقی حکومت کے مالیاتی نظام میں سنگین خامیوں، بجٹ سے زائد اخراجات اور سرکاری فنڈز کے ریکارڈ میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق حکومت نے 39 ہزار 345 ارب روپے کے منظور شدہ بجٹ کے مقابلے میں 41 ہزار 335 ارب روپے خرچ کیے، مجموعی اخراجات کا 84.31 فیصد قرضوں کی ادائیگی پر صرف ہوا، جبکہ سماجی اور ترقیاتی کاموں کے لیے صرف 15.69 فیصد رقم باقی بچی۔ آڈٹ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 3 ہزار 177 ارب روپے کے اخراجات پارلیمنٹ سے منظور نہیں کرائے گئے، جبکہ بجٹ میں درست تخمینہ نہ لگانے کے باعث مزید 3 ہزار 809 ارب روپے مانگے گئے۔ دستاویز کے مطابق 11 ہزار 674 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں میں سے 6 ہزار

بقیہ 1

عزم پر قائم ہے۔ بیشتر ریسورسز بلوچستان میں ہی سینٹ کا 33.33فی صد حصہ ہے۔ اطمینان ہے کہ ہمیں گیا ہے۔ پاکستان میں معدنیات کی تلاش کیلئے نوے فی صد علاقوں میں تشہیات نہیں ہوئی ہے۔ ریکوڈک میں بلوچستان کو بھی اپنے حصے کی ہوئی ہے۔ ریسورسز لمیٹڈ کے پاس بلوچستان میں پانچ ایکسپلوریشن لیسز ہیں، جن میں دو گولڈ، ایک لیڈ زنک اور دو تانبے کی ہیں۔ ہم ریکوڈک کو سنگیکو کی طرح کامیاب کان بنانے کیلئے پُرعزم ہیں۔ ریسورسز لمیٹڈ کی تشکیل افراد قوت تقریباً مکمل طور پر مقامی ہے، جبکہ چائنا فاؤنڈیشن کے تعاون سے انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ ڈیولپمنٹ کی تربیت کا سلسلہ جاری ہے۔ ہم نے بلوچستان کے 4 اضلاع میں 2 ہزار سے زائد طلبہ و طالبات کو اسکالرشپس دی ہیں

اسلامی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل اسماعیل اولد الشیخ احمد کا کامسٹیک سیکرٹریٹ کا دورہ

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

اسلام آباد (اے این این) سلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے سیکرٹری جنرل اسماعیل اولد الشیخ احمد نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کامسٹیک سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل کا عہدہ سنبھالنے کا ان یہ پاکستان کا پہلا دورہ ہے۔ کامسٹیک ہیڈکوارٹر زپہنچنے پر کوآرڈینیٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری اور سینئر حکام نے ان کا استقبال کیا۔ دورے کے موقع پر پروفیسر ڈاکٹر اقبال چوہدری نے سیکرٹری جنرل کو کامسٹیک کے تنظیمی ڈھانچے، ذمہ داریوں، تربیتی پروگراموں، سائنسی فیلوشپس اور او آئی سی رکن ممالک کے سائنس دانوں، محققین اور

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوہلو، سی آئی اے پولیس کی کامیاب کارروائی، تھانہ ماوند کے مقدمے میں نامزد دو مفرور ملزمان گرفتار

ملزمان رحمت علی اور زقیم کو قانونی کارروائی مکمل کر کے حراست میں لے لیا گیا، علاقائی حلقے

کوہلو (یو این اے) کوہلو میں سی آئی اے پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تھانہ ماوند کے مقدمے میں نامزد دو مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا، تفصیلات کے مطابق سی آئی اے انچارج حاصل خان مری اور اسسٹنٹ انچارج صہبت خان مری نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تھانہ ماوند میں درج مقدمہ نمبر 381، زیر دفعات 427، 147، 148 اور 149 تعزیرات پاکستان (PPC) میں نامزد دونوں مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت رحمت علی ولد تاج محمد اور زقیم ولد پیرا کے نام سے ہوئی ہے، جن کا تعلق مری قوم سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس ٹیم نے قانونی کارروائی مکمل کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو حراست میں لے لیا، دونوں مفرور ملزمان کی گرفتاری کو سی آئی اے انچارج حاصل خان مری، اسسٹنٹ انچارج صہبت خان مری اور ان کی ٹیم کی پیشہ ورانہ مہارت اور مثر کارکردگی کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے، علاقائی حلقوں نے پولیس کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ جرائم کے خاتمے، امن وامان کے قیام اور قانون کی بالادستی کے لیے ایسی مثر کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ کوہلو میں سی آئی اے پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تھانہ ماوند کے مقدمے میں نامزد دو مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا،

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

دیر بالا، کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے 2 افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع دیر بالا کے علاقے انگرام میں کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے 2 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے کرش لوڈ کرنے والے مزدور گاڑی سمیت دب گئے۔ ریسکیو 1122 کے اہلکاروں اور مقامی لوگوں نے ملبے سے دو لاشوں اور ایک زخمی کو نکال کر واڑی اسپتال منتقل کر دیا۔ خیبر پختونخوا کے ضلع دیر بالا کے علاقے انگرام میں کرش پلانٹ کی چار دیواری گرنے سے 2 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

جے ڈی وینس کا 2028 کے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے 2028 کے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق نائب صدر جے ڈی وینس آنے والے موسم بہار میں اپنے صدارتی امیدوار ہونے کا باضابطہ اعلان کر سکتے ہیں۔ جے ڈی وینس اس حوالے سے اپنی اہلیہ اوشا وینس اور خاندان کے دیگر افراد سے مسلسل مشاورت کر رہے ہیں تاہم آئندہ انتخابات کی راہ میں ان کے لئے کچھ سیاسی چیلنجز بھی حائل ہیں جن میں حالیہ وسط مدتی انتخابات میں ریپبلیکنز کو ملنے والی شکست شامل ہے جس نے وینس کے سیاسی مستقبل کے منظرنامے کو کچھ پیچیدہ بنا دیا ہے۔ اس کے علاوہ ایران کی جنگ سے وابستہ پالیسیز اور امور بھی ان کے لیے ایک بڑا چیلنج ثابت ہو سکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ریپبلیکن پارٹی کی طرف سے جے ڈی وینس کے علاوہ دیگر نمایاں شخصیات کو بھی ممکنہ صدارتی امیدواروں میں شمار کیا جا رہا ہے، جن میں سینیٹر ٹیڈ کروز اور وزیر خارجہ مارکو روبیو کے نام سر فہرست شامل ہیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے 2028 کے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق نائب صدر جے ڈی وینس آنے والے موسم بہار میں اپنے صدارتی امیدوار

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

معاشی خودمختاری قومی سلامتی سے جدا نہیں کی جا سکتی، احسن اقبال

قومی خودمختاری کا انحصار معاشی خودمختاری پر ہے پاکستان کو اپنا پیداواری نظام اکیسویں صدی کے تقاضوں کے مطابق بنانا ہوگا

ہماری صنعتی ترقی اور برآمدات کی صلاحیت کا مستقبل جدید ٹیکنالوجی سے وابستہ ہے، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی تقریب سے خطاب

نارووال (اے این این) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ معاشی خودمختاری کو قومی سلامتی سے جدا نہیں کیا جا سکتا ہے۔ نارووال میں یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی تقریب سے خطاب میں احسن اقبال نے کہا کہ قومی خودمختاری کا انحصار معاشی خودمختاری پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی خودمختاری کو قومی سلامتی سے جدا نہیں کیا جا سکتا، پاکستان کو اپنا پیداواری نظام اکیسویں صدی کے تقاضوں کے مطابق بنانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ ہماری صنعتی ترقی اور برآمدات کی صلاحیت کا مستقبل جدید ٹیکنالوجی سے وابستہ ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ معاشی خودمختاری کو قومی سلامتی سے جدا نہیں کیا جا سکتا ہے۔ نارووال میں یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی تقریب سے خطاب میں احسن اقبال نے کہا کہ قومی خودمختاری کا انحصار معاشی خودمختاری پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی خودمختاری کو قومی سلامتی سے جدا نہیں کیا جا سکتا،

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ حاجی نور محمد دمڑ سے سیکرٹری سی ایم ڈی ارشد حسین بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، مبینہ پولیس مقابلہ میں زخمی سمیت 2 ڈاکو گرفتار

کراچی (اے این این) کراچی کے علاقے سرسید ٹاؤن میں پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی حالت میں ایک ڈاکو سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق سیکٹر 11-C/2 میں مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت شان کے نام سے ہوئی جسے طبی امداد کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ دوسرے گرفتار ملزم اشفاق کو تھانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، نقد رقم، موبائل فونز اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ کراچی کے علاقے سرسید ٹاؤن میں پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی حالت میں

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

پشاور، ماموں زاد بھائیوں کی فائرنگ سے دو کم عمر بھائی جاں بحق

پشاور (اے این این) صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں معمولی تکرار پر دو بھائیوں کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق پولیس اسٹیشن خزانہ چوکی صوبت خان گھڑی کی حدود میں ماموں زاد بھائیوں کی فائرنگ سے دو کم عمر بھائی جاں بحق ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ موٹر سائیکل کے معاملے پر ہونے والی تکرار کے باعث پیش آیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں دونوں بھائی جان کی بازی ہار گئے۔ دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کر دی۔ صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں معمولی تکرار پر دو بھائیوں کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق پوسٹ [illegible] چوکی

ایران میں سردیوں سے قبل گیس اور پیٹرول کی قلت میں اضافہ

تہران (اے این این) ایران میں موسم سرما کی آمد سے پہلے گیس اور بجلی کی فراہمی کے حوالے سے مشکلات بڑھنے لگی ہیں، جبکہ پیٹرول کی تقسیم پر بھی نئی پابندیوں کی تیاری کی جا رہی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حکام نے خبردار کیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے دوران گیس صاف کرنے کے مراکز کو پہنچنے والے نقصان کے باعث رواں موسمِ سرما میں بجلی گھروں کو ایندھن فراہم کرنا گزشتہ برسوں کے مقابلے میں زیادہ مشکل ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی وزارت توانائی نے گیس کی قلت میں اضافے اور بجلی گھروں کو ایندھن کی فراہمی میں مشکلات سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

جاگیردارانہ نظام اور چند خاندانوں کی سیاسی اجارہ داری نے ملکی ترقی کا راستہ روکا: خالد مقبول

کراچی (اے این این) چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ نئے انتظامی یونٹس اور آبادی کے تناسب سے صوبوں کا قیام ملکی ترقی واستحکام کے لیے ضروری ہے۔ جاگیردارانہ نظام اور چند خاندانوں کی سیاسی اجارہ داری نے ملکی ترقی کا راستہ روکا ہے۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے کہا کہ کراچی وفاق کو 66 فیصد اور سندھ کو 97 فیصد ریونیو فراہم کرتا ہے، اس شہر کو بنیادی سہولتوں اور جائز حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ جاگیردارانہ نظام اور چند خاندانوں کی سیاسی اجارہ داری نے ملک کی ترقی کا راستہ روکا ہے۔ مردم شماری میں کراچی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

غلام رسول عمرانی اور ان کے اہل خانہ کے خلاف منجھوشوری تھانے میں ایک ہی دن میں دو مقدمات درج

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر بابا غلام رسول عمرانی دیگر اٹھ خاندان کی افراد پر نصیرآباد پولیس نے منجھوشوری تھانے میں ایک ہی دن میں دو مقامات درج کرا لیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ منجھوشوری کی تھانہ میں صوبائی مشیر غلام رسول عمرانی صوبائی مشیر کی بھائی فراز خان، صوبائی مشیر کی کزن سالار خان، ممتاز خان، صدام حسین عمرانی سمیت مقدمہ درج کر لیا گیا جبکہ دوسری مقدمہ ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ منجھوشوری کی تھانہ میں صوبائی مشیر غلام رسول عمرانی صوبائی مشیر کی بھائی فراز خان، صوبائی مشیر کی کزن سالار خان، ممتاز خان عمرانی عاقب علی شاقب علی عنایت اللہ صدام حسین سمیت نامعلوم 90 افراد مقدمہ درج کر لیا گیا جبکہ واضح رہے کہ ایس ایس

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

سی، شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں تیز

سرکاری سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے والے دکانداروں پر جرمانے، سامان ضبط

سیوی (یو این اے) شہر کی خوبصورتی برقرار رکھنے، بازاروں کو تجاوزات سے پاک کرنے اور ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر خان بنگلزئی نے تحصیلدار میر زابر علی ڈومکی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد قیوم دہپال، چیف سینیٹری انسپکٹر میر سلیم بنگلزئی اور ٹریفک سارجنٹ محمد شریف ناصر کے ہمراہ شہر کے مختلف بازاروں اور اہم شاہراہوں کا دورہ کیا اس دوران دکانوں کے باہر سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر رکھا گیا سامان قبضے میں لے لیا گیا متعدد دکانداروں کو خلاف ورزی پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ کئی دکانداروں کو آئندہ تجاوزات قائم نہ کرنے اور اپنا سامان دکانوں کی حدود میں رکھنے کی سختی سے تنبیہ کی گئی اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر خان بنگلزئی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی خوبصورتی صفائی ستھرائی اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کسی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)



نصیرآباد: کمشنر صلاح الدین نورزئی میڈیکل آفیسر کو تعیناتی کے آرڈرز دے رہے ہیں

عوام آزمائے ہوئے جماعتوں سے تنگ آ چکے ہیں، سید امان شاہ

عوام پاکستان پارٹی آمید کی کرن بن چکی ہے خوشحال پاکستان ہماری سیاست کا محور ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی عوام کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، عوام آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں کی کارکردگی سے مایوس اور ان کی روایتی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں۔ عوام اب ایسی سیاسی قیادت چاہتے ہیں جو اقتدار کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنائے اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے۔ انھوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، لیکن ماضی میں اقتدار میں رہنے والی جماعتیں عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی ہیں۔ عوام بار بار آزمائے گئے سیاسی تجربات سے نکل کر ایک ایسی متبادل قیادت کی تلاش میں ہیں جو عوام کی آواز بنے اور ان کے مسائل کو اپنی اولین ترجیح قرار دے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کو بااختیار بنانا، ملک میں بہتر حکمرانی کو فروغ دینا اور ایک ایسا نظام

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

ضلعی ہیڈکوارٹر نال منتقل کرنے کی اطلاعات پر عوامی حلقوں میں تشویش، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

آبادی اور رقبے کے لحاظ سے وڈھ بڑا علاقہ ہے، ہیڈکوارٹر کی منتقلی سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، شہریوں کا موقف

خضدار (یو این اے) ضلع وڈھ کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو نال منتقل کرنے کی اطلاعات پر وڈھ کے عوام میں تشویش پائی جا رہی ہے، جبکہ شہریوں کی جانب سے اس فیصلے کے حوالے سے مختلف سوالات بھی اٹھائے جا رہے ہیں۔ وڈھ کے عوام کا کہنا ہے کہ اگر ضلع کا نام وڈھ ہے تو ضلعی ہیڈکوارٹر نال میں منتقل کرنے کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے؟ عوام کے مطابق وڈھ آبادی اور رقبے کے لحاظ سے نال سے بڑا علاقہ ہے، جبکہ وڈھ کے ساتھ متعدد دور دراز علاقے بھی منسلک ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر ضلعی ہیڈکوارٹر نال منتقل کیا گیا تو وڈھ اور اس سے ملحقہ دور دراز علاقوں کے عوام کو سرکاری امور، دفتری معاملات، صحت، تعلیم اور دیگر ضروری خدمات کے حصول کے لیے نال کا سفر کرنا پڑے گا، جس سے انہیں مشکلات اور اضافی اخراجات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی ہیڈکوارٹر کی منتقلی کے حوالے سے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا جائے اور عوامی سہولت، آبادی، رقبے اور دور دراز علاقوں تک رسائی کو ترجیح دی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، پروونشل چیف لبر یو آئی ٹی سی آر ڈاکٹر سید مشتاق شاہ پانچ روزہ تربیت کے اختتام پر شرکا کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

عراقی صدر کی ٹرمپ سے ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کی اپیل

ٹرمپ کو جنگیں ختم کرنے، خطے میں امن لانے اور اپنے سابقہ موقف پر واپس آنے کی ضرورت ہے، انٹرویو

بغداد (اے این این) عراق کے صدر نزار آمیدی نے امریکی ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ سے ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کی اپیل کر دی۔ امریکی دائیں بازو کے جریدے بریٹ بارٹ کو انٹرویو میں صدر نزار آمیدی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی انتخابی مہم کے اس وعدے پر واپس آئیں جس میں انھوں نے امریکہ کی لامتناہی جنگیں ختم کرنے کی بات کی تھی، اور ایران کے ساتھ جاری فوجی تنازع ختم کریں۔ نزار آمیدی نے کہا کہ ٹرمپ کو جنگیں ختم کرنے، خطے میں امن لانے اور اپنے سابقہ موقف پر واپس آنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ موقف یوکرین اور روس کی جنگ سمیت دنیا کے دیگر تنازعات کے خاتمے سے متعلق تھا۔ عراقی صدر نے اپنے ملک کو تہران اور واشنگٹن کے درمیان ثالثی کے لیے موزوں فریق قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کو پائیدار امن کے حصول کے لیے موجودہ موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ جغرافیائی محلِ وقوع اور دونوں ملکوں سے رابطوں کے لحاظ سے عراق بہترین پوزیشن میں ہے۔ امریکہ کئی برسوں تک عراق کا شراکت دار رہ سکتا ہے، جبکہ ایران طویل عرصے سے اس کا ہمسایہ ہے۔ عراق کے صدر نزار آمیدی نے امریکی ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ سے ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کی اپیل کر دی۔ امریکی دائیں بازو کے جریدے بریٹ بارٹ کو انٹرویو میں

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسپیکر کی زیر صدارت پیشین ڈویژن کے ہیڈکوارٹر کے تعین کے حوالے سے اہم اجلاس

متعلقہ اراکین اسمبلی اور اعلیٰ حکام کی شرکت، مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت پیشین ڈویژن کے ہیڈکوارٹر کے تعین سے متعلق بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی روم نمبر 43 میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژن کے ہیڈکوارٹر کے قیام سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں پیشین ڈویژن سے تعلق رکھنے والے اراکین صوبائی اسمبلی اصغر علی ترین، اسفندیار کاکڑ، زمرک خان اچکزئی اور ظفر علی آغا نے شرکت کی، جبکہ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی اور سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کا بنیادی ایجنڈا پشین ڈویژن کے ہیڈکوارٹر کے تعین کے حوالے سے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر شرکا نے اس اہم معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور متعلقہ امور پر اپنی آرا پیش کیں۔ اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت پشین ڈویژن کے ہیڈکوارٹر کے تعین سے متعلق بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی روم نمبر 43 میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژن کے ہیڈکوارٹر

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ حاجی نور محمد دمڑ اور صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سے خواتین جرنلسٹس کے وفد کی ملاقات، صحافتی امور اور مسائل پر تبادلہ خیال

خواتین صحافی معاشرے کی مؤثر آواز ہیں، مسائل کے حل اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے خواتین جرنلسٹس کے وفد نے ملاقات کی، جس میں میڈیا کے کردار، صحافتی امور اور خواتین صحافیوں کو درپیش مسائل سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین صحافی معاشرے کی مؤثر آواز ہیں اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرتی شعور بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ خواتین صحافیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان خواتین کو زندگی کے ہر شعبے میں آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ آزاد، ذمہ دار اور ثبت صحافت جمہوری معاشرے کی مضبوطی کے لیے ناگزیر ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ خواتین صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل اور ان کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ صحت کے شعبے میں عوامی آگاہی کے فروغ اور اصلاحات کے حوالے سے میڈیا کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی ظہور بلیدی سے ملاقات، متنازعہ بلوچستان لیبر کوڈ پر تحفظات کا اظہار

مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، صوبائی وزیر کا قانون کو اسمبلی میں روکنے کا عزم

کوئٹہ (یو این اے) جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اراکین نے صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات ظہور احمد بلیدی صاحب سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں مجوزہ متنازعہ بلوچستان لیبر کوڈ کے حوالے سے مزدور تنظیموں کے تحفظات اور خدشات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ مزدور دشمن بلوچستان لیبر کوڈ کو بلوچستان اسمبلی کے ایوان میں ہی روکنے کے لیے مثر آواز اٹھائی جائے، تاکہ مزدوروں کے بنیادی حقوق اور قانونی تحفظات کو کسی صورت متاثر نہ ہونے دیا جائے۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اراکین نے مؤقف اختیار کیا کہ جب بلوچستان میں پہلے سے بلوچستان انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2022 (BIRA) اور وفاقی سطح پر انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ (IRA 2012) 2012 موجود ہیں تو ایسے میں مزید تیسرا قانون مسلط کرنے کی ضرورت اور منطق کیا ہے؟ جوائنٹ ایکشن کمیٹی واضح کرتی ہے کہ مزدوروں کے حقوق، اجتماعی سوداکاری، یونین سازی اور قانونی تحفظات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ہم اس متنازعہ بلوچستان لیبر کوڈ کی ہر سطح پر مخالفت جاری رکھیں گے اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد ہر فورم پر جاری رکھیں گے۔ مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اراکین نے صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات ظہور

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، دکی مری قبائل کے رہنماء عیسیٰ خان مری اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی ظہور بلیدی سے ملاقات، متنازعہ بلوچستان لیبر کوڈ پر تحفظات کا اظہار

مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، صوبائی وزیر کا قانون کو اسمبلی میں روکنے کا عزم

کوئٹہ (یو این اے) جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اراکین نے صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات ظہور احمد بلیدی صاحب سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں مجوزہ متنازعہ بلوچستان لیبر کوڈ کے حوالے سے مزدور تنظیموں کے تحفظات اور خدشات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ مزدور دشمن بلوچستان لیبر کوڈ کو بلوچستان اسمبلی کے ایوان میں ہی روکنے کے لیے مثر آواز اٹھائی جائے، تاکہ مزدوروں کے بنیادی حقوق اور قانونی تحفظات کو کسی صورت متاثر نہ ہونے دیا جائے۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اراکین نے مؤقف اختیار کیا کہ جب بلوچستان میں پہلے سے بلوچستان انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2022 (BIRA) اور وفاقی سطح پر انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ (IRA 2012) 2012 موجود ہیں تو ایسے میں مزید تیسرا قانون مسلط کرنے کی ضرورت اور منطق کیا ہے؟ جوائنٹ ایکشن کمیٹی واضح کرتی ہے کہ مزدوروں کے حقوق، اجتماعی سوداکاری، یونین سازی اور قانونی تحفظات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ہم اس متنازعہ بلوچستان لیبر کوڈ کی ہر سطح پر مخالفت جاری رکھیں گے اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد ہر فورم پر جاری رکھیں گے۔ مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اراکین نے صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات ظہور

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

کسی میں اخلاقی جرات ہے تو وہ استعفیٰ دے، لطیف کھوسہ

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سردار لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات پر کسی کو اعتراض ہے تو وہ پارٹی عہدے سے استعفیٰ دیدے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں صحافی نے سوال کیا کہ سلمان اکرم راجا کہتے ہیں بانی پی ٹی آئی سے جیل میں من پسند افراد کی ملاقات کرائی گئی؟ اس میں کتنی حقیقت ہے؟ جس کے جواب میں لطیف کھوسہ نے کہا کہ جس نے یہ بات کی ہے میں دھیلے کی اہمیت نہیں دیتا۔ اگر کسی کو اعتراض ہے تو وہ سیکرٹری جنرل کے عہدے سے استعفیٰ دے دے۔ اگر اخلاقی جرات ہے تو استعفیٰ د یں۔ لطیف کھوسہ نے کہا منظور نظر وہ ہیں جو روز

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسلام آباد میں 13 سالہ لڑکی کا قتل، پولیس افسر کی اہلیہ اور قاری کا جسمانی ریمانڈ منظور

اسلام آباد (اے این این) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 13 سالہ لڑکی کو تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کرنے کے الزام میں سینئر پولیس افسر کی اہلیہ اور ان کے گھر میں بچوں کو ٹیوشن دینے والے قاری کو گرفتار کر کے عدالت پیش کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق لڑکی کی لاش پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز کی سرکاری رہائش گاہ سے برآمد ہوئی جہاں وہ سینئر پولیس افسر کی اہلیہ کے پاس بطور گھریلو ملازمہ کام کر رہی تھی۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ افسر گوجرانوالہ میں بطور ڈائریکٹر ایف آئی اے تعینات ہیں جبکہ ان کی بیوی اس کم سن گھریلو ملازمہ کو عرصہ دراز سے تشدد کا نشانہ بنا رہی تھی۔ ذرائع کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج کے چھاپے، 2 فلسطینی بھائی گرفتار، 4 افراد زخمی

نابلوس (اے این این) مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فورسز نے بلاط پناہ گزین کیمپ اور مشرقی نابلوس میں چھاپوں کے دوران 2 فلسطینی بھائیوں کو گرفتار جبکہ 4 افراد کو تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا۔ فلسطینی سیکورٹی ذرائع کے مطابق اسرائیلی فوجی گاڑیوں میں علاقے میں داخل ہوئے اور متعدد گھروں کی تلاشی لی، اس دوران گھریلو سامان کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسرائیلی فورسز نے کارروائی کے دوران ماہر اور سلام ابو عامر نامی دو بھائیوں کو حراست میں لے لیا۔ چھاپوں کے دوران اسرائیلی فوجیو

امر بالمعروف و نہی عن المنکر — احتجاجی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز: 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

نئے صوبوں کا قیام

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ہفتے کے روز وزیراعظم شہباز شریف سے لاہور میں اُن کی رہائشگاہ پر تفصیلی ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سکیورٹی صورتحال سمیت درپیش قومی چیلنجوں سے نبٹنے پر مشاورت ہوئی۔ وزیراعظم نے صدرِ مملکت کو اپنے حالیہ دورہ ترکیہ اور عالمی ماحولیاتی کانفرنس (کاپ۔31) میں اپنی شرکت کے حوالے سے آگاہ کیا۔انہوں نے اِس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں پائیدار معاشی استحکام کے حصول، اَمن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے اور ترقیاتی عمل کی رفتار تیز کرنے کے لئے تمام اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ذرائع کے مطابق ملاقات میں ملک بھر میں جاری عوامی فلاحی منصوبوں پر پیشرفت اور آئینی وقانونی امور سمیت بجٹ ترجیحات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے حکومتی اتحادی جماعتوں کے درمیان باہمی تعاون، سیاسی ہم آہنگی اور مشاورت کے تسلسل کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور یقین دہانی کرائی کہ ملکی ترقی اور معاشی استحکام کے لئے تمام اتحادی جماعتیں باہمی تعاون کے ساتھ اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہیں گی۔بعض میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر زرداری نے اِس موقع پر دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ پیپلز پارٹی کا مؤقف سندھ اسمبلی کی اُس متفقہ قرارداد کے عین مطابق ہے جو سندھ میں کسی نئے صوبے کے قیام کو ردّ کرتی ہے۔بعض تجزیہ کاروں کے مطابق اُنہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ اِس سمت میں اٹھایا جانے والا کوئی بھی قدم آئین میں بیان کردہ طریقہ کار کی سختی سے پابندی کا متقاضی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی اِس آئینی مؤقف سے اتفاق کیا کہ نئے صوبوں کے قیام کے لئے آئینی دفعات کی پابندی ناگزیر ہے۔ دونوں رہنما اِس نکتے پر بھی متفق تھے کہ ریفرنڈم منعقد کرانے یا عوام کے سامنے رکھے جانے والے سوالات طے کرنے کے معاملے میں پارلیمنٹ کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جانا چاہئے۔ذرائع کے مطابق ملاقات میں طے پایا کہ پارلیمنٹ کی اکثریت ہی یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا ریفرنڈم ہونا چاہئے یا نہیں۔ملاقات میں وفاقی حکومت اور اتحادی جماعتوں کے اہم رہنما بھی شریک ہوئے۔ نئے صوبوں کی تشکیل کے حوالے سے ملک میں جو ماحول بنا ہوا ہے اِس تناظر میں سیاسی ملاقاتیں اور مشاورتیں اہم پیشرفت سمجھی جا رہی ہیں۔تین روز پہلے وزیر داخلہ محسن نقوی نے نوابشاہ میں صدرِ مملکت سے ملاقات بھی کی تھی۔ اِس ملاقات کے بعد میڈیا میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ صدرِ مملکت اور وزیر داخلہ کے درمیان نئے صوبوں کی تشکیل سے متعلق افہام وتفہیم ہو چکی ہے تاہم اِس کی ایوانِ صدر نے فی الفور تردید کرتے ہوئے واضح کیا تھا کہ یہ ملاقات ملک کی مجموعی سلامتی کی صورتحال سے متعلق تھی اور اِس میں صوبوں کے حوالے سے گفتگو مطلوب نہیں تھی تاہم اِس تردید کے بعد بھی بحث جاری رہی۔ واضح رہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اپنے روایتی مؤقف پر سختی سے قائم ہے اور اِس کا برملا اظہار بھی کرتی ہے تاہم حکمران اتحاد میں شامل دیگر جماعتوں اور حلقوں میں نئے صوبوں کی تشکیل سے متعلق مختلف آراء ⌊ موجود ہیں جو وقتاً فوقتاً سامنے آتی رہتی ہیں جیسا کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیشِ نظر 12 نئے صوبوں کی تشکیل کا عندیہ دیا تھا۔دوسری جانب وزیر داخلہ محسن نقوی متعدد بار اپنا موقف دے چکے ہیں لیکن آخری پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا تھا کہ جو بھی ہوگا سب کی مرضی اور منشاء ⌊ سے ہوگا۔اُن کا یہ بھی کہنا تھا کہ عوامی منشاء ⌊ جاننے کے لئے ریفرنڈم کرانا چاہئے۔ اِس بیانیے کو ایک حالیہ سروے کے نتائج آنے کے بعد مزید تقویت مل رہی ہے، اِس کے مطابق 70 فیصد سے زائد شہریوں نے نئے صوبوں کی تشکیل پر زور دیا ہے۔ نئے صوبوں کی تشکیل کی بات نئی نہیں ہے بلکہ یہ خاصا پرانا موضوع ہے۔ اگر کوئی عملی پیشرفت مقصود ہے تو اُس کے لئے آئینی اور جمہوری طریقہ کار ہی اپنانا ہوگا۔ضروری ہے کہ سب سے پہلے پارلیمان میں ایک آل پارٹیز کمیٹی تشکیل دی جائے جو وسیع تر مشاورت کے بعد فیصلہ کرے کہ اگر نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے تو اِس کے لئے کیا لائحہ عمل ہونا چاہئے۔ ریفرنڈم کے ذریعے اگر سیاسی جماعتوں پر اخلاقی دباؤ ڈالنا مقصود ہے تو بھی آئین کے دائرے میں رہ کر ہی کام کرنا ہوگا۔آئین حرفِ آخر نہیں ہے، اِس میں ترمیم ہو سکتی ہے اور ہوتی بھی رہی ہے لیکن اِس کے ساتھ یکطرفہ چھیڑ چھاڑ سے گریز لازم ہے۔ نئے صوبوں کی تشکیل ایک اہم مسئلہ ہے، اس پر کھلی بحث ہونی چاہئے، یہ بات سمجھنا لازم ہے کہ فیصلے پارلیمان میں بیٹھ کو دستور میں بیان کردہ طریقے کے مطابق ہونا چاہئیں۔

امریکی سیاست میں مسلمانوں کی انٹری

سید شعیب الدین احمد

42 سالہ عبدالرحمٰن مصری والدین کی اولاد اور ایک ڈاکٹر ہیں۔ان کا الیکشن امریکہ کی 237 سالہ جمہوری تاریخ کا ایک اہم الیکشن تھا۔عبدالرحمٰن کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، ان کے نائب صدر جے ڈی وینس اور دنیا کے امیر ترین فرد ایلون مسک کی براہ راست مخالفت کا سامنا تھا۔ یہ ایک مہنگا ترین الیکشن تھا کہ جس میں عبدالرحمٰن محمد السید کو ہرانے کیلئے سب سے زیادہ پیسہ خرچ ہوا۔اس الیکشن میں 11 ارب نو کروڑ ڈالر سے زیادہ کی رقم خرچ ہوئی صرف ایلون مسک نے 455 ملین ڈالر خرچ کئے۔ انکی دولت سے ریپبلیکنز خصوصاً مستفید ہوئے۔امریکہ کی تاریخ کے مہنگے ترین الیکشن میں بہت بڑی خطیر رقم عبداللہ محمد السید کو ہرانے کیلئے خرچ کی گئی۔امریکہ کے اس مڈٹرم الیکشن میں 100 کے لگ بھگ مسلم امیدوار امریکن کانگرس، سینٹ کے علاوہ ریاستی اسمبلیوں کے ایوان نمائندگان اور ریاستی سینٹ میں کامیاب ہوئے۔ امریکن سینٹ میں پہلے مسلمان سینیٹر عبدالرحمٰن محمد السید کی کامیابی کے علاوہ امریکن ایوان نمائندگان (کانگرس) میں بھی چھ مسلمان امیدوار کامیاب ہوئے۔

ڈاکٹر عبداللہ محمد السید ڈیٹرائٹ اور وین کاؤنٹی شعبہ صحت کے سربراہ بھی رہے ہیں۔انہوں نے ٹرمپ کے ذاتی حمایت یافتہ سابق رکن کانگرس مائیک راجرز کو ہرایا ہے۔ ان کی انتخابی مہم معاشی عدم مساوات، امریکی انتخابی نظام میں اصلاحات، عوام کو صحت عامہ کی بہتر سہولیات اور ادویات کی قیمتوں میں کمی، میڈی کیئر فار آل کے ایجنڈے پر مبنی تھی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے عبدالرحمان محمد السید کو اپنا ذاتی مخالف سمجھ کر ان پر شدید تنقید کی۔ان کے حلقے میں جا کر ان کے خلاف جلسہ کیا اور ان کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ عبدالرحمٰن کے تعلقات اخوان المسلمون سے ہیں۔عبدالرحمٰن کے اسلامی عقیدے کا مذاق اڑایا گیا اور اسرائیل جنگ پر ان کی مخالفت کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ٹرمپ نے عبدالرحمٰن کو بار بار محمد کہہ کر پکارا ایسے لگا جیسے محمد ان کے نزدیک (نعوذ باللہ) ناقابل برداشت ہے، مگر ٹرمپ اور جے ڈی وینز کی براہ راست مداخلت کے باوجود عبدالرحمٰن محمد السید نے کامیابی حاصل کی اور کامیابی کے بعد ان کا جواب یہی تھا کہ الحمدللہ مجھے کامیابی مل گئی ہے اب مجھے سینیٹر محمد کہا جائے۔انہوں نے کہا جے ڈی وینس اب تم سینیٹر محمد سے حلف لوگے۔عبدالرحمٰن محمد السید کو سابق امریکی صدر بارک اوبامہ سابق نائب امریکی صدر کملا ہیرس، سینیٹر برنی سینڈرز، نیویارک کے میئر ظہران ممدانی، ایگزیکٹو ریاوکاسو کی حمایت حاصل رہی۔ ان کی اپنے علاقے سے امریکی کانگریس کی رکن ہیلی سٹیشنز نے اپنی پارٹی کے مخالف جا کر ریپبلیکنز امیدوار مائیک راجرز کی حمایت کی۔ جس پر ڈیموکریٹک سابق سپیکر نینسی پلوسی نے ان پر شدید تنقید کی۔عبدالرحمٰن محمد السید امریکن سینٹ کے 100 میں سے صرف ایک رکن ہوں گے لیکن وہ بارش کا پہلا قطرہ ہیں۔ امریکہ ڈھیروں اقوام کے افراد پر مشتمل سوسائٹی ہے۔ اگر اسرائیلی اور یہودی، اٹالینز، برطانوی، آسٹریلین، عربی، سپینش اور دیگر اقوام کے افراد سینٹ کے ممبر بن سکتے ہیں تو پھر ایک مسلمان کیوں سینیٹر نہیں بن سکتا۔لیکن صدر ٹرمپ کی تکلیف دیکھ کر صاف پتہ چلتا ہے کہ ایک مسلمان سینیٹر بھی برداشت نہیں ہو رہا لیکن اُمید ہے کہ آنے والے برسوں میں ڈونلڈ ٹرمپ اور ان جیسے متعصب لوگوں کو مزید مسلمان سینیٹر بھی برداشت کرنا ہوں گے۔ امریکی کانگرس کیلئے کامیاب ہونے والے چھ مسلمانوں میں صومالیہ کی الہان عمر اور فلسطین کی رشیدہ طالب چھٹی مرتبہ کامیاب ہوئی ہیں۔ انڈیانا سے آندرے کارسن 18 سال سے کامیاب ہو رہے ہیں۔ نیوجرسی سے ڈاکٹر حماد آدم حمادی جو امریکن فوج میں سرجن تھے اور جنہوں نے غزہ (فلسطین) جا کر بچوں کا علاج کیا ہے پہلی مرتبہ کیلیفورنیا سے کامیاب ہوئے ہیں۔ لطیفہ سائمن (کیلیفورنیا) نے بھی کامیابی حاصل کی ہے۔ ڈومینیکن سے تعلق رکھنے والی نومسلم داریا لیزابیل شوالے نیویارک سے ایوان نمائندگان کیلئے کامیاب ہوئی ہیں۔انہوں نے ڈیموکریٹ ادریانو اسپاٹ کو ہرایا ہے۔داریا طلبہ تحریکوں اور فلسطینیوں کی حمایت میں ہونے والے مظاہروں کے پس منظر سے اُبھر کر سامنے آئی ہیں۔

ان امریکی انتخابات میں 10 پاکستانی نژاد امریکی بھی ریاستی اسمبلیوں اور سینٹ میں پہنچنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔صحافی اور فری لانس مصنفہ مریم صبیح پنسلوانیہ سے سینٹ میں پہنچی ہیں۔انہوں نے سیاسیات میں ماسٹر ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ بزرگ مکان مالکان کیلئے پراپرٹی ٹیکس کم کرنے، اسلحہ کے محفوظ استعمال کے بارے قوانین متعارف کروانے، سرکاری تعلیم کیلئے فنڈنگ کی حمایت اور دیگر اقدامات ان کے انتخابی ایجنڈے میں سر فہرست تھے۔ کنیکٹیکٹ سے کامیاب ہونے والی مریم خان کا تعلق بھی ڈیموکریٹ پارٹی سے ہے۔ مریم 2022ء ⌊ میں ضمنی انتخابات جیت کر ریاستی ایوان کی پہلی مسلمان رکن بنی تھیں۔ وہ پاکستان میں پیدا ہوئیں اور 1994ء ⌊ میں امریکہ منتقل ہوئیں وہ ایک ٹیچر ہیں۔ جو ہارٹ فورڈ کے سکولوں میں خصوصی صلاحیت کے حامل بچوں کو پڑھاتی ہیں۔وہ ریاستی مقننہ کی خصوصی تعلیم سے متعلق سلیکٹ کمیٹی کی شریک سربراہ بھی ہیں۔کنیکٹیکٹ سے ڈاکٹر سعود انور ریاستی سینٹ کی نشست پر دوبارہ جیتے ہیں وہ 2018ء ⌊ میں ضمنی انتخابات جیتنے کے بعد کنیکٹی کٹ سینٹ کے رکن بنے تھے۔وہ ایوان میں صحت عامہ کی کمیٹی کے شریک سربراہ بھی ہیں۔ڈاکٹر سعود انور پھیپھڑوں کے امراض اور انتہائی نگہداشت کے ماہر معالج ہیں۔وہ آغا خان یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہیں۔انہوں نے YALE یونیورسٹی سے ماسٹر ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ ٹیکساس میں سلمان بھوجانی اور سلیمان لالانی ڈیموکریٹس کی ٹکٹوں پر دوبارہ کامیاب ہوئے ہیں۔سلمان بھوجانی پاکستان میں پیدا ہوئے نوعمری میں امریکہ آ گئے اور میتھوڈسٹ یونیورسٹی سے قانون کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔ سلمان بھوجانی اور سلیمان لالانی ٹیکساس کی 170 سالہ تاریخ میں پہلے مسلمان اور جنوبی ایشیائی ممبر ہیں۔ فاروق مغل نومبر 2022ء ⌊ میں پہلی مرتبہ جارجیا اسمبلی کیلئے منتخب ہونے والے پہلے پاکستانی تھے۔ نبیلہ سید ایلی نوائے سے ریاستی کانگریس کی ممبر بنی ہیں۔ یاسمین انصاری ایریزونا سے رکن اسمبلی بنی ہیں۔

امریکن مڈٹرم انتخابات میں 100 کے لگ بھگ مسلمان امیدوار کامیاب ہو کر امریکہ بھر کی ریاستی اسمبلیوں اور ریاستی سینٹ میں پہنچے ہیں۔ان مسلمانوں میں مصری، فلسطینی، صومالی، افریقی بھارت، مشرق بعید اور دیگر مسلمان ممالک سے تعلق رکھنے والے وہ افراد ہیں جن کے والدین یا وہ خود بچپن میں ترک وطن کر کے امریکہ پہنچے۔ ان میں سے بہت سے لوگ پناہ گزین کے طور پہ بھی امریکہ پہنچے اور اب یہ امریکی معاشرے کا باقاعدہ حصہ بن چکے ہیں۔

تبدیلی کے خواب؟

مجیب الرحمٰن شامی

گذشتہ چند روز کے دوران چند ایسے واقعات دیکھنے کو ملے جنہوں نے سیاسی منظر کو کچھ نہ کچھ بدل ڈالا۔عمران خان سے ان کے وکلا کی یکے بعد دیگرے دو ملاقاتیں ہوئیں، ایک میں سلمان صفدر اکیلے تھے تو دوسرے میں لطیف کھوسہ بھی ہمراہ تھے، یہ دوسری ملاقات کئی گھنٹوں تک پھیل گئی۔اِس میں بشریٰ بی بی بھی موجود رہیں۔عمران خان کی دو بہنوں عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی رہائی عمل میں آئی۔ شاہ محمود قریشی کو عارضہء دِل کے سبب ہسپتال پہنچایا گیا۔تحریک انصاف کے بڑے اور چھوٹے اِس سب پر بغلیں بجانے لگے۔یہ خبر بھی عام کر دی گئی کہ بانی پی ٹی آئی سے نئے صوبوں کے حوالے سے گفتگو ہوئی ہے، وہ اصولی طور پر ان کے حق میں ہیں لیکن جب تک اٹھائیسویں آئینی ترمیم کا مسودہ سامنے نہ آ جائے، واضح طور پر کچھ کہنے سے قاصر رہیں گے۔تحریک انصاف کے اندر سے ایسی آوازیں زور سے اُٹھیں کہ نئے صوبوں کی تشکیل پر ڈیل ہو گی تو بانی کو ڈھیل مل جائے گی۔ مسلم لیگ (ن) کے کچھ حلقوں میں اِس سب کو حیرانی یا پریشانی سے دیکھا جانے لگا۔ اس پر باخبر ذرائع حرکت میں آئے، باخبر تجزیہ کار بھی سرگرم ہوئے، اخباری کالموں، ٹی وی سکرینوں اور سوشل میڈیا کی پھلجھڑیوں کے ذریعے وضاحتیں کی جانے لگیں کہ نہ کچھ تبدیل ہوا ہے، نہ ہوگا۔پی ٹی آئی کے قیدی قید میں رہیں گے، مسند نشینوں کی مسندیں آباد رہیں گی۔عدالتوں سے دیا جانے والا کوئی ریلیف کسی معاملہ سازی کا نتیجہ نہیں ہے۔ مقتدرہ جوں کی توں ہے، اور اس کے کانوں پر جوں نہیں رینگ رہی۔ یہ تسلیاں یا یقین دہانیاں زور دستور سے دی جا رہی ہیں لیکن تبدیلی کے آثار دیکھنے والے آنکھیں کھولنے پر تیار نہیں ہیں وہ خواب دیکھتے جا رہے ہیں انہیں لگ رہا ہے رابطے جاری ہیں، کانا پھوسیاں ہو رہی ہیں، تاش پھینٹی جا رہی ہے ؟ عمران خان کے ایسے فدائی بھی ہیں جو دہائی دے رہے ہیں کہ عصر کے وقت روزہ نہ توڑا جائے۔ بشریٰ بی بی کو ریلیف دلاتے دلاتے کئے دھرے پر پانی نہ پھیر لیا جائے۔ایسے بھی ہیں جو موقع شناسی کو نعمت سمجھ کر اس میں سے شیرینی برآمد کر رہے ہیں۔

عمران خان سے کوئی لاکھ اختلاف کرے، اِس بات سے اختلاف نہیں کر سکتا کہ وہ آج بھی ایک بڑی سیاسی طاقت ہیں۔ اُن کی جماعت کو الیکشن کمشن رجسٹر کرے یا نہ کرے، اس کے حجم اور پھیلاؤ سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح ان کے مخالف بھی طاقت رکھتے ہیں۔ ان کی جڑیں بھی مضبوط ہیں۔ تمام تر کوشش اور خواہش کے باوجود فریقین ایک دوسرے کو چاروں شانے چت نہیں کر سکے اور نہ ہی کر سکیں گے۔ دونوں کے درمیان کچھاور نے پاکستانی عوام کا بھرکس البتہ نکال دیا ہے۔بے یقینی اور بے اطمینانی نے ان کا ناطقہ بند کر رکھا ہے۔وہ شے جسے سیاسی استحکام کہتے ہیں، کہیں ڈھونڈے سے نہیں مل رہی۔ یہ وہم مرض کی طرح پھیلا ہوا ہے کہ کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ پاکستان شاید دنیا کا واحد ملک ہے، جہاں حکومت کی معیاد کے بارے میں تیقّن کا اظہار نہیں کیا جا سکتا۔ابھی تو ایک کولیشن گورنمنٹ قائم ہے، اس سے پہلے عمران خان بھی ایک کولیشن ہی کے سربراہ تھے، ایسی حکومتیں تو ہر دم کپکپاتی رہتی ہیں لیکن جب پارلیمنٹ میں دوتہائی اکثریت رکھنے والے دندنا رہے تھے، تو ان کے اقتدار کو معیاد پوری کرنی بھی نصیب نہیں ہوئی تھی۔ ہر حکومت کے جانے پر اس کے حریف ڈھول بجاتے تھے۔ پاکستان کے جسدِ سیاست کو اِس مرض سے اب تک چھٹکارا نصیب نہیں ہوا۔نئے صوبوں کی تشکیل کے لئے کس کی حمایت، کس طرح حاصل کی جائے گی، کس کی ضرورت محسوس ہوگی اور کس کی نہیں۔اسے رکھیے ایک طرف، مفاہمت کو اس کے ساتھ نہ باندھیے، پاکستانی قوم کو اس کی ضرورت ہے، ضرورت تھی اور ضرورت رہے گی۔ انتہا پسندانہ موقف اختیار کرنے والے جو بھی ہوں، انہیں لچک اختیار کرنے کی بھاری قیمت ادا کرنا پڑے یا ہلکی، اِس بات سے انکار ممکن نہیں کہ کوئی قوم اپنے آپ سے گتھم گتھا رہ کر فلاح نہیں پا سکتی۔ عمران خان اور ان کے مخالفوں سے جو کچھ بھی سرزد ہوا ہے، ایک نے دوسرے کے ساتھ جو کچھ بھی کر ڈالا ہے، اس کا حساب چکانے کے لئے اپنے اپنے گریبان میں جھانکنے کی ضرورت ہے۔ اپنا اپنا جائزہ لینے کی ضرورت ہے، اپنی اپنی غلطیوں کا اعتراف کرنا لازم ہے، ملک اور قوم افراد کے ساتھ بندھے ہوئے نہیں ہوتے جو لوگ اپنے آپ کو ناگزیر سمجھتے ہیں، اپنے بغیر ملک اور قوم کا تصور نہیں کر پاتے، اپنی توانائی کو قومی توانائی قرار دے بیٹھتے ہیں، وہ آنکھ اُٹھا کر دیکھیں، تو قبرستان ایسے ناگزیر لوگوں سے بھرے نظر آئیں گے ؟

برمزار ما غریباں نے چراغے نے گلے
''امیر العظیم، چراغ راہ''

ہماری ''مقتدرہ'' سے نئے صوبے بن پائیں گے یا نہیں، جماعت اسلامی برسوں پہلے پنجاب کو تین حصوں میں تقسیم کر کے وہاں الگ الگ امیر بھی مقرر کر چکی ہے۔شمالی پنجاب کے امیر ڈاکٹر طارق سلیم ہیں تو ہومیو پیتھک معالج لیکن قلم اور قرطاس سے بھی ان کا رشتہ مضبوط ہے۔سیرت نگاری کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔ مرحومین کو بھی یاد کرتے چلے جا رہے ہیں۔الطاف حسن قریشی مرحوم پر ''نظریاتی صحافت کا سرخیل'' کے زیر عنوان کتاب مرتب کی اور اب امیر العظیم مرحوم جیسے ''چراغ راہ'' کی یادوں اور ان پر لکھے گئے یادگار کالموں کو یک جا کر دیا ہے۔امیر العظیم جماعت اسلامی پاکستان میں ایک کارکن کے طور پر آئے اور بڑے مناصب تک پہنچے۔ برسوں اس کے سیکرٹری جنرل رہے۔ان کی ملنساری اور انکساری نے اُنہیں ممتاز بنا رکھا تھا۔ وہ دنیا سے رخصت ہوئے تو ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں نے ان سے اپنائیت کا بھرپور اظہار کیا۔ وہ سب کے تھے اور سب کے کام آتے تھے۔ڈاکٹر طارق سلیم بھی ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ضلع کونسل کے دوبار رکن منتخب ہو چکے ہیں، کسی دن صوبائی اسمبلی میں بھی پہنچ جائیں گے۔ جماعت اسلامی میں کارکن لیڈر بنتے اور کارکن ہی لیڈر بناتے ہیں۔ چراغ سے چراغ روشن ہوتا چلا جا رہا ہے۔ امیر العظیم کی زندگی میں نوجوانوں کے سیکھنے کے لئے بہت کچھ ہے ؟

یقین محکم، عمل پیہم، محبت فاتح عالم
جہادِ زندگانی میں یہ ہیں مردوں کی شمشیریں

تشبیہ، شاخ گل کو نہ دوں کیوں صلیب سے

ڈاکٹر شہزاد

بارہا عرض کیا ہے کہ پرائمری تا
ڈاکٹریٹ مجھے بیشتر اساتذہ درجہ اول

کیوں:
ان کی آنکھیں دو پیمانے
ہر پیمانے میں ہیں مے خانے
جلوہ خوباں ایک حقیقت
باقی ہیں سارے افسانے

کے ملے۔ کچھ کا تعارف موقع کی مناسبت سے کراتا رہتا ہوں لیکن اس پیرانہ سالی میں چند اساتذہ کی یاد کچھو کے دے دیکر جگائے رکھتی ہے۔ پروفیسر ظہور الحسن خاں ارزش اردو کے پروفیسر اور ہمارے کالج کے پرنسپل تھے۔ آپ قارئین میں سے شاید کسی نے بھی یہ نام نہیں سنا ہوگا۔چلیے، جوش ملیح آبادی کی ''یادوں کی بارات'' کے صفحہ 755 پر جوش کی زبانی ان کا تعارف دیکھ لیجیے: "ہائے، مر گیا عین جوانی میں۔ کیا کہوں وہ کس قدر نکتہ رس، بلند بیں اور پختگی مائل شاعر تھا۔اس جواں مرگ کا یہ عالم تھا کہ جب کبھی مل جاتا خوشی کے مارے کھل اٹھتا اور لذت فروتنی سے گردن جھکا لیا کرتا تھا۔ وہ جوانی میں اس قدر اچھے شعر کہتا تھا تو بوڑھا ہو کر نہ جانے کیا ہو جاتا۔ہائے، اس کا ایک مطلع سنیے اور اس کی قبل از وقت دقیقہ سنجی پر سر دھنیے:

''تشبیہ، شاخ گل کو نہ دوں کیوں
صلیب سے
دیکھا ہے میں نے جشن بہاراں
قریب سے''

ارزش مرحوم رام پور کے باسی تھے جو تقسیم کے بعد پاکستان آ گئے۔وہ تمام اہل خانہ آپس میں فارسی میں گفتگو کرتے تھے۔ سوا چھ فٹ لمبا قد، متناسب الاعضا چھریرہ کسرتی بدن، سرخ وسفید چہرہ، مردانہ وجاہت کا وہ مرقع کسرت کرتے ہوئے کسی پاس کھڑے کو اپنے بازوؤں کی مچھلیوں پر وار کرنے کو یوں کہتا: ''لوہا ہے لوہا'' انہی جیسے دو نوعمر مودب خاموش اور پیارے پیارے صاحبزادے بالعموم ان کے دائیں بائیں ہوتے تھے۔ یہ اس عہد کی روایت تھی۔ اللہ کرے ان کے وہ بیٹے میری یہ تحریر پڑھیں یا کوئی اور انہیں پڑھا دے۔ رابطہ ہو گیا تو میرے ناسٹلجیا میں کچھ افاقہ ہو جائے گا۔

ارزش مرحوم مشاعرے میں یا مجھے اپنا کلام سناتے تو ترنم سے، وہ بھی بلا ناغہ۔ کہوٹہ شہر سے نکل کر دو میل پیدل چلنا اور دو میل واپس، چار میل کا یہ معمول آندھی بارش میں موقوف ہو تو ہو، ورنہ کبھی نہیں۔ میرا گھر ان کے راستے میں تھا۔ ہفتے میں کبھی ایک آدھ بار وقت مقررہ پر باہر کھڑے ہونے میں مجھے دیر ہو جاتی تو حیدر آبادی انداز میں تالی پیٹ کر قہقہہ بار جملے یوں لڑھکاتے: ''ہاں دیکھ لیا آج شہزاد تمہاری پھرتی کو، میاں چلنا ہو تو ٹانگوں میں ذرا جان ڈال کر چلو۔ تساہل ابھی میرے قریب نہیں پھٹکا، میاں تم تو جوان ہو'' پھر بازو کی مچھلی سامنے کر کے رام پوری انداز میں یوں دعوت مبارزت دیتے: ''چقو (چاقو) پھیر کے دیکھ لو'' کلمہن ندی کے تب کے سیماب آسا پانی (اور آج کی سیال تارکول) میں ٹانگیں لٹکاتے تو ان کا حسن بیان اختر شیرانی کی سی لے ''مری آنکھوں کی رنگت ارغوانی اب بھی ہوتی ہے'' میں شرابور ہو جاتا۔قلق اس پر ہے کہ انہیں جلدی کیوں اُٹھا لیا گیا اور دکھی اس پر ہوں کہ شاعر شباب اختر شیرانی کا وہ حقیقی نعم البدل اردو ادب کو کچھ دیے بغیر عین عالم شباب میں اُٹھا لیا گیا تو

ایک دن انہیں مکیش کا گانا سناتے سناتے میں جب ''درپن تمہیں جب ڈرانے لگے'' پر پہنچا تو وہیں روک کر بولے: ''میاں، یہ درپن کیا ہوتا ہے''؟ میری توقف بھری اور خجالت امیز خاموشی کو نظرانداز کر کے بولے: ''دیکھو میاں، میں ہندی بھی جانتا ہوں'' یہ کہہ کر انہوں نے وہیں ریت پر ہندی رسم الخط میں درپن لکھ کر دکھایا۔اگلے دن ایک ننھا سا آئینہ لا کر مجھے مرحمت کرتے ہوئے بولے: ''یہ رہا تمہارا اور مکیش کا درپن جسے اردو میں آئینہ اور تم پنڈی والے شیشہ کہتے ہو''۔

جوش ملیح آبادی آج میرے سامنے ہوتے تو میں ان کا مذکورہ بالا مخمصہ کہ، بوڑھا ہو کر معلوم نہیں ارزش کیا ہوتا، دور کر دیتا۔ ٹریفک حادثے میں جناب ارزش کو اللہ اپنے پاس نہ بلا لیتا تو مجھے یقین کامل ہے کہ ان کا کلام ایک جانب اختر شیرانی کا تسلسل اور پختہ تسلسل ہوتا۔ ارزش کا وہی کلام جوش کے نثری ابتذال سے پاک لیکن اس کی مشکل پسندی کا بگھار ضرور لئے ہوتا۔ ہمارے کہوٹہ انٹر کالج میں آنے سے قبل وہ بوچھال کلاں کالج میں پرنسپل تھے۔ کاش کوئی باخبر قاری بوچھال کلاں کا، یہاں کہوٹہ کا یا کہیں کا بھی ہو، مرحوم ارزش کے بیٹوں کی خبر دے دے تاکہ میرے مرض کہن، ناسٹلجیا میں شاید کچھ افاقہ ہو جائے۔

28ویں آئینی ترمیم نے ملک کو تباہ و برباد کر دیا، مصطفیٰ کمال

نئے صوبوں کا قیام کسی سیاسی جماعت کی خواہش نہیں ملک کی ضرورت ہے، نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس پر جو بھی کام کرے گا، پاکستان کو بچانے والا ہوگا

پی ٹی آئی کو ریاستی امور میں غیر مشروط طور پر شامل ہوجانا چاہیے، لگتا ہے پاکستان اور عوام کی سوچ تبدیل ہورہی، وفاقی وزیر کی گفتگو

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے 18ویں آئینی ترمیم نے ملک کو تباہ و برباد کر دیا، نئے صوبوں کا قیام کسی سیاسی جماعت کی خواہش نہیں بلکہ ملک کی ضرورت ہے، بے تاب ہوں کہ پیپلز پارٹی والے مجھ سے استعفیٰ لیں، میں ابھی کراچی میں 3 دن گزارتا ہوں، جمعہ ہفتہ اتوار، پھر میں سات دن گزاروں گا اور مہم چلاؤں گا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ریاستی امور چلانے والوں کو بھی احساس ہوچکا ہے کہ موجودہ نظام بہتر نتائج دینے میں ناکام ہے، میرا خیال ہے کہ ملک میں نئے صوبے بنیں گے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر عوام کوئی بات کر دیں تو وہی سپریم ہوتی ہے، آج کی جانے والی باتیں محض تجزیہ ہیں۔انہوں نے پیپلز پارٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسے اپنی کارکردگی پر اعتماد ہے تو ملک میں دس صوبے بھی بن جائیں تو اسے کوئی فرق نہیں پڑنا چاہیے، پیپلز پارٹی کو معلوم ہے کہ اس نے کچھ نہیں کیا، اسے حالات کی نزاکت کو سمجھنا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کو ریاستی امور میں غیر مشروط طور پر شامل ہوجانا چاہیے، لگتا ہے کہ پاکستان اور عوام کی سوچ تبدیل ہورہی ہے۔مصطفیٰ کمال نے کراچی کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا چاند پر جارہی ہے جبکہ کراچی میں بچے گٹروں میں گر کر مر رہے ہیں۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر استعفے کے بعد میں کراچی میں 7 دن گزاروں گا تو مجھے اس مہم کو چلانے کیلئے زیادہ وقت ملے گا، کیوں کہ لوگ اب باشعور ہیں اور بے تاب ہیں کہ انتظامی یونٹ بننے چاہئیں اور سندھ میں تو پہلے بننے چاہئیں۔انھوں نے کہا مجھے اس مہم کیلئے زیادہ وقت چاہیے، مجھے تو وہاں اس وزارت نے پھنسا رکھا ہے، لگتا ہے نئے صوبوں پر دسمبر میں ریفرنڈم ہوگا، جب جب ہم نے صوبے کی بات کی پیپلز پارٹی نے انکار کیا، اب فرق یہ ہے اب ہم بات نہیں کر رہے، کوئی اور بات کر رہا ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان کی چچی اور میر طارق بگٹی کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری

شمالی ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی محترمہ اور سابق رکن صوبائی اسمبلی میر طارق بگٹی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کا سلسلہ تیسرے روز بھی پاکستان ہاؤس شمالی ڈیرہ بگٹی میں جاری رہا۔اس موقع پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، قبائلی عمائدین اور سرکاری افسران نے پاکستان ہاؤس پہنچ کر سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔تعزیت کے لیے آنے والے افراد نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور مغفرت جبکہ پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی محترمہ اور سابق رکن صوبائی اسمبلی میر طارق بگٹی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کے لیے آنے والے افراد کا شکریہ ادا کیا۔

جماعت اسلامی کا تحفظات کے باوجود پنجاب میں بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان

عوام جانتے ہیں یہ جعلی حکومتیں ہیں، جو فارم 47 پر لائی گئی ہیں، نائب امیر لیاقت بلوچ

لاہور (اے این این) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی پنجاب کے بلدیاتی انتخابات میں اپنے تحفظات کے باوجود حصہ لے گی۔اپنے ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے میدان سے بھاگ گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبوں اور انتظامی یونٹس میں اضافے کا مطالبہ غیر جمہوری یا غیر آئینی نہیں۔ریفرنڈم کی تاریخ بہت بھیانک ہے، ماضی میں کوئی بھی ریفرنڈم عزت نہ پاسکا۔لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ ریفرنڈم آئینی رکاوٹ دور نہیں کرے گا، آئین کا ہی پھر حلیہ بگاڑا جائے گا۔عوام جانتے ہیں یہ جعلی حکومتیں ہیں، یہ حکومتیں فارم 47 پر لائی گئی ہیں۔ جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی پنجاب کے بلدیاتی انتخابات میں اپنے تحفظات کے باوجود حصہ لے گی۔اپنے ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے میدان سے بھاگ گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبوں اور انتظامی یونٹس میں اضافے کا مطالبہ غیر جمہوری یا غیر آئینی نہیں۔ریفرنڈم کی تاریخ بہت بھیانک ہے، ماضی میں کوئی بھی ریفرنڈم عزت نہ پاسکا۔لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ ریفرنڈم آئینی رکاوٹ دور نہیں کرے گا، آئین کا ہی پھر حلیہ بگاڑا جائے گا۔عوام جانتے ہیں یہ جعلی حکومتیں ہیں، یہ حکومتیں فارم 47 پر لائی گئی ہیں۔

نئے صوبوں کے قیام پر پیپلز پارٹی کے مؤقف میں کوئی تضاد نہیں: رضا ربانی

پیپلز پارٹی آئین کے آرٹیکل 239 (4) کے تحت صوبے کے عوام کی مرضی کو عملی شکل دینے کی حامی ہے

اسلام آباد (اے این این) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام سے متعلق پیپلز پارٹی کا مؤقف واضح ہے اور اس میں کوئی تضاد نہیں۔ایک بیان میں میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے اور عوام کی امیدوں، امنگوں اور مختلف تحریکوں کی ترجمان ہے، پیپلز پارٹی آئین کے آرٹیکل 239 (4) کے تحت صوبے کے عوام کی مرضی کو عملی شکل دینے کی حامی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کے عوام صوبے کی جغرافیائی حدود میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کو مسترد کر چکے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کا نتیجہ کچھ بھی ہو، آئین کے آرٹیکل 239 (4) کی دفعات کا اطلاق بہرحال ہوگا۔رضا ربانی نے یہ بھی کہا کہ کسی بھی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے معاملے پر صدر کی توثیق سے قبل متعلقہ صوبائی اسمبلی سے 2 تہائی اکثریت کے ساتھ منظوری حاصل کرنا لازمی ہوگا۔سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام سے متعلق پیپلز پارٹی کا مؤقف واضح ہے اور اس میں کوئی تضاد نہیں۔ایک بیان میں میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے اور عوام کی امیدوں، امنگوں اور مختلف تحریکوں کی ترجمان ہے، پیپلز پارٹی آئین کے آرٹیکل 239 (4) کے تحت صوبے کے عوام کی مرضی کو عملی شکل دینے کی حامی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کے عوام صوبے کی جغرافیائی حدود میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کو مسترد کر چکے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کا نتیجہ کچھ بھی ہو، آئین کے آرٹیکل 239 (4) کی دفعات کا اطلاق بہرحال ہوگا۔رضا ربانی نے یہ بھی کہا کہ کسی بھی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے معاملے پر صدر کی توثیق سے قبل متعلقہ صوبائی اسمبلی سے 2 تہائی اکثریت کے ساتھ منظوری حاصل کرنا لازمی ہوگا۔سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام سے متعلق پیپلز پارٹی کا مؤقف واضح ہے اور اس میں کوئی تضاد نہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے اور عوام کی مرضی کو عملی شکل دینے کی حامی ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام صوبے کی جغرافیائی حدود میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کو مسترد کر چکے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کا نتیجہ کچھ بھی ہو، آئین کے آرٹیکل 239 (4) کی دفعات کا اطلاق بہرحال ہوگا۔رضا ربانی نے یہ بھی کہا کہ کسی بھی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے معاملے پر صدر کی توثیق سے قبل متعلقہ صوبائی اسمبلی سے 2 تہائی اکثریت کے ساتھ منظوری حاصل کرنا لازمی ہوگا۔سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام سے متعلق پیپلز پارٹی کا مؤقف واضح ہے اور اس میں کوئی تضاد نہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے اور عوام کی مرضی کو عملی شکل دینے کی حامی ہے۔انہوں نے مزید

پاکستان آج دنیا میں امن کے داعی ملک کے طور پر پہچانا جاتا ہے، رانا ثناءاللہ

وزیراعظم اور عسکری قیادت نے پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا، پاکستان کو عالمی سطح پر عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے

بھارت اب افغانستان کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے، پاکستان اپنی سلامتی اور خودمختاری کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

لاہور (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی سفارتی کامیابیاں باعثِ فخر ہیں، پاکستان آج دنیا میں امن کے داعی ملک کے طور پر پہچانا جاتا ہے، سیاست میں تحمل، برداشت اور رواداری کے عمل کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے، قومی یکجہتی اور باہمی احترام ہی پاکستان کو مضبوط بنانے کا راستہ ہے۔ لاہور میں تحفظ حرمین شریفین و استحکام پاکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ 14 اگست 1947 کو ہمارے آباؤ اجداد نے طویل جدوجہد اور لازوال قربانیوں کے بعد پاکستان تخلیق کیا، پاکستان کا قیام ایک تاریخی جدوجہد کا نتیجہ تھا، جس کے تحفظ اور استحکام کے لئے پوری قوم کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (Kpis) کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خضدار قومی شاہراہ پر گورو کراس کے قریب سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

لاشوں کو ضروری قانونی کارروائی اور شناخت کے لیے اسپتال منتقل کردی گئیں

خضدار (یو این اے) خضدار میں قومی شاہراہ پر گورو کراس کے مقام سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جنہیں دیکھ کر علاقے میں شدید خوف و ہراس اور سنسنی پھیل گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ انتظامی و قانون نافذ کرنے والے حکام فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے۔ لاشوں کو ضروری قانونی کارروائی اور شناخت کے لیے اسپتال منتقل کردی گئیں، تاہم تاحال جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت اور اس لرزہ خیز واقعے کی وجوہات معلوم نہیں ہوسکی ہیں۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔ خضدار میں قومی شاہراہ پر گورو کراس کے مقام سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جنہیں دیکھ کر علاقے میں شدید خوف و ہراس اور سنسنی پھیل گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ انتظامی و قانون نافذ کرنے والے حکام فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے۔ لاشوں کو ضروری قانونی کارروائی اور شناخت کے لیے اسپتال منتقل کردی گئیں، تاہم تاحال جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت اور اس لرزہ خیز واقعے کی وجوہات معلوم نہیں ہوسکی ہیں۔ پولیس کی جانب سے واقعے

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

چاغی میں کم از کم 8 مقامات پر تانبے اور سونے کے ذخائر کی نشاندہی ہوئی، لکی گروپ

اسلام آباد (اے این این) لکی سیمنٹ نے چاغی میں معدنیات کے ذخائر کی میٹریل انفارمیشن جاری کر دیں، اس حوالے سے اس نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور ایس ای سی پی کو خط لکھا ہے۔ جاری اعلامیے کے مطابق نیشنل ریسورسز لمیٹڈ نے چاغی میں تانبے اور سونے کی دریافت کی ہے، بلوچستان کے ضلع چاغی میں تانبے اور سونے کے کم از کم 8 پورفیری معدنی ذخائر کی نشاندہی ہوئی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ نیشنل ریسورسز نے تانبے اور سونے کی تلاش کے لیے تقریباً 25 ہزار میٹر ڈرلنگ مکمل

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجگور، مسلح افراد کے درمیان فائرنگ، خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق اور 7 زخمی

فائرنگ کی زد میں آ کر گزرنے والی کار میں سوار ایک خاتون جان کی بازی ہار گئی جبکہ بہن بھائی سمیت 2 افراد زخمی

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقے تسپ میں رات گئے فائرنگ کے واقعات، دو افراد جاں بحق (7) سات زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق پنجگور کے علاقے تسپ میں رات گئے مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں مجموعی طور پر دو افراد جان بحق جبکہ (7) سات افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اس دوران ایک گزرنے والی کار گاڑی فائرنگ کی زد میں آنے سے ایک خاتون جاں بحق جبکہ ایک خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے۔ زخمی اور جاں بحق ہونے والے افراد آپس میں بہن بھائی اور رشتہ دار بتائے جاتے ہیں جو کار گاڑی میں سوار تھے جان بحق خاتون کا نام (ر) بنت لعل محمد (ر) بنت عامر اور عامر ولد لعل محمد بتائے جاتے ہیں واقعے کے بعد زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں اور فائرنگ کے محرکات معلوم کیے جارہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق مجموعی طور پر دو افراد جاں بحق اور سات زخمی ہوئے ہیں۔ پنجگور کے علاقے تسپ میں رات گئے فائرنگ کے واقعات،

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ 60 فیصد سے زائد بچے تعلیم سے محروم، بچپن میں مزدوری کرنے پر مجبور

صوبائی دارالحکومت میں ہزاروں کم عمر بچے اسکول جانے اور کھیلنے کودنے کی عمر میں دکانوں، ہوٹلوں اور گیراجوں پر خاندانوں کی کفالت میں حصہ لے رہے ہیں

بلوچستان حکومت کی جانب سے اسکولوں سے باہر بچوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کرانے کے لیے داخلہ مہم بھی شروع کی گئی تھی، تاہم عدم توجہی کے باوجود بڑی تعداد میں بچے آج بھی تعلیم سے محروم ہیں

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں غربت، مہنگائی، بڑھتی ہوئی معاشی مشکلات اور چائلڈ لیبر قوانین پر عمل نہ ہونے کے باعث تقریباً 60 فیصد سے زائد بچے تعلیم سے محروم ہو کر محنت مزدوری کرنے پر مجبور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں ہزاروں کم عمر بچے اسکول جانے اور کھیلنے کودنے کی عمر میں گیراجوں، ورکشاپوں، ہوٹلوں، دکانوں اور دیگر کاروباری مراکز میں کام کرکے اپنے اور اپنے خاندانوں کی کفالت میں حصہ لے رہے ہیں۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں، مصروف شاہراہوں اور بازاروں میں کم سن بچوں کی بڑی تعداد محنت مزدوری کرتی نظر آتی ہے۔ کوئی گاڑیوں کی ورکشاپ میں اوزار اٹھائے کام کر رہا ہے، کوئی ہوٹل میں برتن دھونے میں مصروف ہے، جبکہ بعض بچے دکانوں اور گوداموں میں کام کرنے کے علاوہ سڑکوں اور بازاروں سے کچرا چن کر روزگار کمانے کی کوشش کرتے ہیں۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

بیونک خضدار میں محکمہ آبپاشی کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے سپروائزرز کی پانچ روزہ تربیت مکمل

جامعات کو عملی میدان سے جوڑ کر پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کیے جاسکتے ہیں: ڈاکٹر مشتاق شاہ

خضدار (خ ن) خضدار: بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار میں محکمہ آبپاشی کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے سپروائزرز کی پانچ روزہ تربیت مکمل ہوگئی۔ اختتامی تقریب میں شرکاء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ تربیت ریوائیول آف بلوچستان واٹر ریسورس پروگرام کے تحت پانچ دن تک جاری رہی۔ اس میں ایف ایے او کے تعاون سے کوالٹی ایشورنس، کوالٹی کنٹرول، کنسٹرکشن مینجمنٹ اور کوالٹی ٹیسٹنگ پر عملی تربیت دی گئی۔ تربیت کا اہتمام بیونک کے دفتر برائے تحقیق، جدت اور کمرشلائزیشن نے کیا تھا۔ پرو وائس چانسلر ڈاکٹر مشتاق شاہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جامعات کو صرف کلاس روم تک محدود نہیں رہنا چاہیے، نظریاتی علم کو عملی میدان سے جوڑے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیونک صنعت، سرکاری محکموں اور ترقیاتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تاکہ بلوچستان کے منصوبوں کا معیار بہتر ہو اور نوجوانوں کو عملی مہارت ملے۔ اس ورکشاپ کا مقصد بھی یہی تھا کہ فیلڈ میں کام کرنے والے سپروائزرز کو

(بقیہ 81 اندرونی صفحہ 2 پر)

نفرت، عدم برداشت، تعصب اور انتہا پسندی معاشرتی ہم آہنگی اور امن کیلئے چیلنج ہیں، اعظم نذیر

برداشت، باہمی احترام اور مکالمہ پُرامن، متحد اور جامع معاشرے کے بنیادی اصول ہیں، وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ برداشت، باہمی احترام اور احترام انسانیت پُرامن، متحد اور ترقی یافتہ معاشرے کے بنیادی اصول ہیں، معاشرے میں اختلافِ رائے، مذہبی و ثقافتی تنوع اور مختلف نقطہ ہائے نظر کو برداشت کرنے کا رویہ فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پیر کو عالمی یومِ برداشت کے موقع پر جاری پیغام میں سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ نفرت، عدم برداشت، تعصب اور انتہا پسندی معاشرتی ہم آہنگی اور امن کے لیے چیلنج ہیں، ان رویوں کا مقابلہ تعلیم، شعور، مکالمے، قانون کی حکمرانی اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی ہم آہنگی اور سماجی رواداری کے فروغ میں ریاستی اداروں، تعلیمی اداروں، مذہبی قیادت، میڈیا اور سول سوسائٹی سمیت معاشرے کے تمام طبقات کا اہم کردار ہے، اختلافات کو تصادم کے بجائے مکالمے اور باہمی احترام کے ذریعے حل کرنے کی روایت مضبوط بنانا ہوگی۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومتِ

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

بشریٰ بی بی کو علاج کیلئے اسپتال منتقل کرنے کی اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر

اسلام آباد (اے این این) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو علاج کے لئے اسپتال منتقل کرنے کی اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ بشریٰ بی بی نے لطیف کھوسہ اور بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ بشریٰ بی بی کا مکمل طبی ریکارڈ عدالت کے روبرو پیش کرنے کا حکم دیا جائے، طبی اور سرجری کیلئے تمام سہولیات بروقت فراہم کی جائیں، ضروری

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹریفک پولیس کوئٹہ کو بہتر روانی کے لیے 15 نئی گاڑیاں، 10 ہیوی موٹر سائیکلیں اور 4 لفٹر زفراہم

ٹریفک قوانین کی پاسداری ہر ذمہ دار شہری کی بنیادی ذمہ داری ہے: آئی جی پولیس بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری ہر ذمہ دار شہری کی بنیادی ذمہ داری ہے اور ان پر عملدرآمد سے نہ صرف ڈرائیوروں بلکہ سڑک استعمال کرنے والے دیگر افراد کی زندگیاں بھی ممکنہ حادثات سے محفوظ رہ سکتی ہیں۔ انہوں نے یہ بات ٹریفک پولیس کوئٹہ کے تینوں زونز، سٹی، سریاب اور صدر کو ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے نئی گاڑیوں کی فراہمی کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری محمد اشفاق احمد، صوبائی سیکریٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز طاہر علاؤالدین، ڈی آئی جی فنانس سہیل احمد شیخ، ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت چیف میٹرو پولیٹن کارپوریشن میجر (ر) بشیر بڑیچ، ایس ایس پی ٹریفک دوستین دشتی، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ آئی جی پولیس محمد طاہر نے کہا کہ کسی بھی شہر کے ٹریفک نظام کو دیکھ کر وہاں کے شہریوں کے نظم وضبط اور قانون کی

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی: گوٹھ مراد میں گھر پر فائرنگ سے شوہر جاں بحق، بیوی زخمی جبکہ کمسن بچے اغوا

دلخراش واقعہ: مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص قتل، خاتون زخمی اور بچوں کو ساتھ لے کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی گوٹھ مراد ساسولی میں مسلح افراد گھر میں گھس کر فائرنگ کی شوہر جانبحق ہوگئے جبکہ بیوی زخمی ہوگئے مسلح افراد نے فائرنگ کے بعد کمسن دو بچوں کو اپنے ساتھ لے کر فرار ہوگئے تفصیلات پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ منگولی کی حدود گوٹھ مراد میں نامعلوم مسلح افراد نے گھر میں گھس کر اسلحہ آتشیں سے فائرنگ کرکے مسمی میر حسن ولد علی حسن قوم پندرانی سکنہ گوٹھ مراد پندرانی کو قتل جبکہ مسمات (خ) بی بی زوجہ میر حسن کو زخمی ہوگئے جبکہ مسلح افراد نے دو تین بچے تھے جن کو اپنے ساتھ اٹھا کر موقع سے فرار ہو گئے جبکہ پولیس کو اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو سول ہسپتال منتقل کردیا گیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثہ کے حوالے کردیا گیا مزید پولیس ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوشش کر رہی ہیں ڈیرہ مراد جمالی گوٹھ مراد ساسولی میں مسلح افراد گھر میں گھس کر فائرنگ کی شوہر جانبحق ہوگئے مسلح افراد نے فائرنگ کے بعد کمسن دو بچوں کو اپنے ساتھ لے کر فرار ہوگئے تفصیلات

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

مریم نواز کی حکومت بالکل جا رہی ہے، سردار لطیف کھوسہ کا دعویٰ

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی اور سابق گورنر پنجاب سردار لطیف کھوسہ نے دعویٰ کیا ہے کہ مریم نواز کی حکومت بالکل جا رہی ہے۔ میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کے دوران صحافی نے ان سے سوال کیا کہ جب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ آپ کی ملاقات ہوئی ہے، آپ سیاسی میدان میں چھکے پر چھکا مار رہے ہیں اور بال گراؤنڈ سے باہر پھینک رہے ہیں، چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات کے بعد یہ خبریں گردش کر رہی ہیں

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

حب، ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر مسلح ڈاکوں کی فائرنگ، میونسپل کارپوریشن کا ملازم جاں بحق

حب (یو این اے) حب کے علاقے عدالت روڈ پر حاجانی رضیہ مسجد کے قریب ڈکیتی کے دوران مزاحمت کرنے پر مسلح ڈاکوں کی فائرنگ سے میونسپل کارپوریشن حب کا ملازم نیک محمد رند جاں بحق

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

کراچی میں دہشتگردی کا منصوبہ ناکام، کالعدم تنظیم کے 2 کارندے گرفتار

کراچی (اے این این) کراچی میں دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنادیا گیا، کالعدم تنظیم کے دو کارندے گرفتار، بارودی مواد برآمد کرلیا گیا۔ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کراچی نے وفاقی حساس

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

کفایت شعاری بے اثر، 28 فیصد اضافے سے حکومتی اخراجات 206 ارب سے متجاوز

جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران وفاقی حکومت کے انتظامی اور روزمرہ امور پر مجموعی طور پر 206 ارب 64 کروڑ روپے خرچ کیے گئے

تازہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اخراجات میں کمی کی کوششوں کے باوجود سرکاری مشینری چلانے پر مالی بوجھ بڑھ رہا ہے، دستاویزات

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت کی جانب سے کفایت شعاری اقدامات کے باوجود سرکاری امور کی انجام دہی پر ہونے والے اخراجات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران ان اخراجات میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 28.21 فیصد اضافہ ہوا۔ وزارت خزانہ کی دستاویزات کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران وفاقی حکومت کے انتظامی اور روزمرہ امور پر مجموعی طور پر 206 ارب 64 کروڑ روپے خرچ کیے گئے، جبکہ گزشتہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں یہ رقم 161 ارب 18 کروڑ روپے تھی۔ ان اخراجات میں وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور مختلف سرکاری اداروں کے روزمرہ آپریشنل معاملات، ملازمین کی تنخواہوں، انتظامی ضروریات اور دیگر سرکاری امور پر آنے والی لاگت شامل ہے۔ تازہ اعداد و شمار سے

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

حنا جاوید قتل کیس؛ 88 روز بعد بھی چالان پیش نہ ہونے پر پراسیکیوشن برہم

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی میں ڈیجیٹل ڈیزائنر حنا جاوید کے قتل کیس میں 88 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ کیے جانے پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سٹی پولیس آفیسر کو خط لکھ دیا۔ پراسیکیوشن برانچ کے مطابق پولیس 14 روز میں چالان پیش کرنے کی پابند ہے، تاہم تاحال مقدمے کا چالان جمع نہیں کرایا گیا۔ پراسیکیوشن برانچ نے تفتیشی ٹیم اور ایس ایچ او کو فوری طور پر چالان پیش کرنے کا پابند بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ خط کی نقل آئی جی پنجاب اور وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کو بھی ارسال کردی گئی ہے۔ وکلا کا کہنا ہے کہ سنگین مقدمات میں تاخیر سے چالان

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو حافظ محمد طارق کی زیر صدارت پراپرٹی ٹیکس اور عمارتوں سے متعلق اجلاس

میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ملکیتی جائیدادوں، فائر بریگیڈ پلازہ اور دکانوں کے کرایوں کی تفصیلات کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت میٹروپولیٹن پراپرٹی ٹیکس اور کرایہ پر حاصل شدہ عمارتوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں میٹروپولیٹن کارپوریشن، لوکل گورنمنٹ اور محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس (C & W) کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فائر بریگیڈ پلازہ سمیت شہر بھر میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ملکیتی جائیدادوں، پراپرٹی ٹیکس اور مختلف عمارتوں و دکانوں سے حاصل ہونے والے کرایوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ اداروں کے نمائندوں سے جائیدادوں کے ریکارڈ، ٹیکس وصولی، کرایوں کی موجودہ صورتحال اور دیگر متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری املاک کے درست ریکارڈ کی تیاری، واجبات کے تجزیے اور ریونیو کے معاملات کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے بھی غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام جائیدادوں، کرایہ داری اور پراپرٹی ٹیکس سے متعلق مکمل تفصیلات مرتب کرکے پیش کی جائیں تاکہ ریونیو امور کو شفاف اور منظم انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت میٹروپولیٹن پراپرٹی ٹیکس اور کرایہ پر حاصل شدہ عمارتوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں میٹروپولیٹن

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

لورالائی میں ٹریفک حادثہ، ایف سی بلوچستان کا فوری ریسکیو آپریشن

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد قریبی اسپتال منتقل کیا گیا، شاہراہ فوری بحال کردی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع لورالائی میں ٹریفک حادثے کے بعد ایف سی بلوچستان نے فوری ریسکیو آپریشن کیا۔ لورالائی میں این 70-ہائی وے پر ٹرک الٹنے کی اطلاع ملتے ہی ایف سی بلوچستان کی کوئیک رسپانس ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ ایف سی بلوچستان کی کوئیک رسپانس ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد قریبی اسپتال منتقل کر دیا۔ ایف سی بلوچستان اور متعلقہ اداروں کی بروقت کارروائی سے قومی شاہراہ این 70-ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بحال کر دی گئی۔ ایف سی بلوچستان عوام کے تحفظ، بروقت امداد اور مشکل حالات میں شہریوں کی خدمت کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ بلوچستان کے ضلع لورالائی میں این 70-ہائی وے پر ٹرک الٹنے کی اطلاع ملتے ہی ایف سی بلوچستان نے فوری ریسکیو آپریشن کیا۔ لورالائی میں این 70-ہائی وے پر ٹرک الٹنے کی اطلاع ملتے ہی ایف سی بلوچستان کی کوئیک رسپانس ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ ایف سی بلوچستان کی کوئیک رسپانس ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد قریبی اسپتال منتقل کر دیا۔ ایف سی بلوچستان اور متعلقہ اداروں کی بروقت کارروائی سے قومی شاہراہ این 70-ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بحال کر دی گئی۔

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 2 پر)

خودکار ہتھیاروں کو محدود کرنے پر مذاکرات، امریکا اور روس کی مخالفت

واشنگٹن (اے این این) امریکا اور روس نے مصنوعی ذہانت سے چلنے والے مہلک خودکار ہتھیاروں پر قانونی پابندیاں عائد کرنے کے عالمی معاہدے کی مخالفت کردی۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام مذاکرات پیر سے جنیوا میں شروع ہو گئے، جن میں فیصلہ کیا جائے گا کہ آیا ایسے مہلک خودکار ہتھیاروں کے

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلاول بھٹو سے صوبائی وزیر مذہبی امور، سینیٹر ضمیر گھمرو اور قائم علی شاہ کی ملاقاتیں

بلاول سے سینیٹر بیرسٹر ضمیر گھمرو نے بھی ملاقات کی، جس میں قانون سازی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

کراچی (اے این این) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے صوبائی وزیر مذہبی امور و اوقاف سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے ملاقات کی، جس میں سید شفقت شاہ شیرازی بھی شریک تھے۔ ملاقات میں سجاول کے عوام کو درپیش مسائل، ان کے حل کے لیے اقدامات اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی۔ بلاول بھٹو زرداری سے سینیٹر بیرسٹر ضمیر گھمرو نے بھی ملاقات کی، جس میں قانون سازی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی سے سابق وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے بھی ملاقات کی، اس موقع پر سید اسد علی شاہ اور ڈاکٹر محمد مسنون شاہ بھی موجود تھے، ملاقات میں سندھ کی سیاسی صورت حال پر گفتگو ہوئی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے صوبائی وزیر مذہبی امور و اوقاف سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے ملاقات کی، جس میں سید شفقت شاہ شیرازی بھی شریک تھے۔ ملاقات میں سجاول کے عوام کو درپیش مسائل، ان کے حل کے لیے اقدامات اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر بریفنگ دی

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)



وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کو N5 پر جاری کام کا معائنہ کے بریفنگ دی جارہی ہے

مولانا کمال الدین کی قیادت میں جے یو آئی کے وفد کی ڈپٹی کمشنر برشور سے ملاقات

ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، تعلیمی اداروں اور بنیادی صحت مراکز کی بحالی کی تحسین

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس سے سابق رکن قومی اسمبلی و جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے امیر مولانا کمال الدین کی قیادت میں پارٹی کے ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران ضلع بھر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی فلاح و بہبود پر تفصیلی گفتگو کی گئی، ملاقات کے دوران وفد نے علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے کی جانے والی مخلصانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کی مجموعی کارکردگی پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا، جبکہ سابق رکن قومی اسمبلی و ضلعی امیر مولانا کمال الدین اور دیگر سیاسی اکابرین نے ڈپٹی کمشنر خالد شمس کی اوپن ڈور پالیسی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری پر خصوصی توجہ دینے کے اقدامات کی بھرپور تعریف کی ,وفد نے ضلع بھر کے تعلیمی اداروں، بالخصوص اسکولوں اور بنیادی صحت مراکز کی بحالی و فعال بنانے کے لیے کیے گئے عملی اقدامات پر ڈپٹی کمشنر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر برشور نے وفد کو یقین دلایا کہ عوامی

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کوہلو کا ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ، طبی سہولیات اور صفائی کا معائنہ

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے: عبدالحمید زہری

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوہلو کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹروں اور طبی عملے سے ملاقات کی اور انہیں درپیش مسائل و مشکلات سنے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر اصغر مری نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات اور دستیاب وسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے اور طبی عملے کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائے جائے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری نے ہسپتال میں موثر طبی سہولیات کی فراہمی پر ڈاکٹر

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 5.3 ریکارڈ

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اسلام آباد، مردان، شانگلہ، بونیر، صوابی، شبقدر، چترال، لوئر دیر اور دیگر شہروں میں زلزلہ گزشتہ رات 10 بج کر 49 منٹ پر آیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.3 ریکارڈ کی گئی جبکہ گہرائی 84 کلومیٹر اور مرکز افغانستان کا کوہ ہندوکش ریجن تھا۔ زلزلے سے لوگوں میں خوف و

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر کی میرٹ پالیسی، اوستہ محمد کے تقریباً 200 نوجوان پولیس میں بھرتی

سفارش اور سیاسی مداخلت کے بغیر سو فیصد میرٹ پر بھرتیاں ہوئیں، صوبائی وزیر سردارزادہ میر فیصل خان جمالی

گندانہ (اے این این): صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ ضلع اوستہ محمد کے تقریباً 200 نوجوانوں کا بلوچستان پولیس میں میرٹ کی بنیاد پر انتخاب ایک خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے۔ بھرتیوں کے پورے عمل میں میری جانب سے کسی قسم کی سیاسی یا ذاتی مداخلت نہیں کی گئی بلکہ متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دی گئی تھیں کہ تمام بھرتیاں سو فیصد میرٹ، شفافیت اور غیر جانبداری کی بنیاد پر کی جائیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے کہا کہ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن اوران کی ٹیم نے بھرتیوں کے عمل کو غیر جانبدارانہ اور شفاف انداز میں مکمل کیا، جس پر وہ مبارکباد اور خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ہماری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ کسی نوجوان کے ساتھ ناانصافی